نصاب

برائے

# اسلامیات (لازمی)

(۲۰۲۰ء)

اوّل تا پنجم

ایک قوم، ایک نصاب

Directorate of Curriculum & Teacher Education
Khyber Pakhtunkhwa, Abbottabad.

نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

# نصاب

برائے

# اسلامیات (لازمی)

# (۲۰۲۰ء)

## اوّل تا پنجم

نظامتِ نصاب و تعلیم اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

بسم الله الرحمن الرحيم

# پیش لفظ

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کسی قوم کی تشکیل میں تعلیمی نصاب کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ نصاب کو جدید تقاضوں اور رجحانات سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورتوں میں شمار ہوتا ہے۔ تعلیمی نصاب شہریوں میں حقوق اور ذمے داریوں کا شعور اجاگر کرتا ہے۔ اکیسویں صدی معلومات اور علم و تحقیق کے تند و تیز بہاؤ کی صدی ہے۔ عصرِ حاضر میں دریافت شدہ حقائق اور سفارشات جدید ڈیجیٹل زمانے کی برکات سے انگلیوں کے لمس پر آگئے ہیں۔

تعلیمی اداروں کی ذمے داری ہے کہ وہ تعلیمی نظام میں جدت لانے کی سعی کریں ورنہ زمانے میں آگے بڑھنے، باقی رہنے اور امن سے جینے کا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہو سکے گا۔ یقیناً نصاب تعلیمی عمل کے لیے ریڑھ کی ہڈی کے مماثل ہے ، جس کے ذریعے قومیں اپنے فلسفۂ حیات ،اس کی حقیقی روح اور اخلاقی اقدار کو آئندہ نسلوں تک پہنچاتی ہیں۔ نصاب کی تشکیل اس امر کی متقاضی ہوتی ہے کہ اس اہم فریضے کے تمام شراکت داروں کی آراء کو مد نظر رکھا جائے تاکہ معاشرتی تقاضوں اور تعلیمی ضروریات کی عکاسی اور درست ترجمانی ہو سکے۔

عصرِ حاضر کے تقاضوں کو مد نظر رکھتے ہوئے نصاب 2020ء زیادہ سے زیادہ کارآمد اور قابل عمل بنانے کی کوشش کی ہے۔ یہ نصاب تعلیم کی تشکیل کے راہنما اصولوں میں قرآن پاک اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلّی اللہ علیہِ وَ عَلیٰ آلہِ وَاصحابہِ وَسلّم کی سیرت مبارکہ ، قائد اعظم محمد علی جناح اور شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے افکار، آئینِ پاکستان، ملکی پالیسیوں اور بین الاقوامی معاہدے بشمول پائیدار ترقی کے اہداف، جدید تعلیمی رجحانات، معاشرتی اور اخلاقی اقدار، صحت و صفائی، ماحولیات اور زندگی کی دیگر ضروری مہارتیں، مختلف مذاہب، ثقافتوں اور قوموں کے لیے احترامِ باہمی، رٹے کے نظام سے دوری، سرگرمیوں اور پراجیکٹ کی بنیاد پر تعلیم، اکیسویں صدی کی مہارتوں، کمپیوٹر ٹیکنالوجی کا استعمال اور جدید عصری تقاضوں اور چیلینجز کے لیے تیاری شامل ہیں۔ یہ نصاب جہاں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہے، وہیں ہماری قومی اور ثقافتی اقدار کا حامل بھی ہے۔ یہ نصاب ایک ایسی قوم کی تشکیل کی جانب ایک اہم قدم ہے، جو نہ صرف اپنی دینی اور قومی بنیادوں پر فخر کرے بلکہ مختلف ثقافتوں اور مذاہب کی جانب احترام کا رویّہ بھی روا رکھے۔

امید ہے یہ نصاب تعلیمی نظام میں جدید رجحانات کے فروغ اور معاشرے میں جدید ٹیکنالوجی کی ضروریات کو پورا کرنے اور سرکاری، نجی اور دینی مدارس کے درمیان فرق کو ختم کرنے میں معاون ثابت ہوگا اور یہ کاوش ایک ایسی نوجوان نسل کی تشکیل سازی میں مددگار ہوگی جو پاکستان کی معاشرتی، تہذیبی اور ثقافتی شناخت کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد قومی نصاب کونسل، وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ وارنہ تربیّت اسلام آباد، ماہرینِ تعلیم اور اُن تمام اساتذہ کرام کا شکر گزار ہے، جن کی کاوشوں، اور تجاویز کی روشنی میں نصاب 2020ء (جماعت اوّل ادنیٰ تا پنجم) کو موئثر انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا ہے۔

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | تدریسِ اسلامیات کے مقاصد | ۱ |
| ۲ | اسلامیات کے یکساں قومی نصاب کی ترتیب | ۴ |
| ۳ | ناظرہ قرآن مجید | ۷ |
| ۴ | جزو اوّل: قرآن مجید اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | ۹ |
| ۵ | جزو دوم: ایمانیات وعبادات | ۱۰ |
| ۶ | جزو سوم: سیرتِ طیبّہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم | ۱۲ |
| ۷ | جزو چہارم: اخلاق وآداب | ۱۳ |
| ۸ | جزو پنجم: حسنِ معاملات ومعاشرت | ۱۳ |
| ۹ | جزو ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام | ۱۴ |
| ۱۰ | جزو ہفتم: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے | ۱۴ |
| ۱۱ | موضوعات وذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے جماعت اوّل | ۱۶ |
| ۱۲ | ۱. قرآن مجید اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | ۱۶ |
| ۱۳ | ۲. ایمانیات وعبادات | ۱۷ |
| ۱۴ | ۳. سیرتِ طیبّہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم | ۱۸ |
| ۱۵ | ۴. اخلاق وآداب | ۱۸ |
| ۱۶ | ۵. ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام | ۱۹ |
| ۱۷ | موضوعات وذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے جماعت دوم | ۲۰ |
| ۱۸ | ۱. قرآن مجید اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | ۲۰ |
| ۱۹ | ۲. ایمانیات وعبادات | ۲۱ |
| ۲۰ | ۳. سیرتِ طیبّہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم | ۲۲ |
| ۲۱ | ۴. اخلاق وآداب | ۲۲ |
| ۲۲ | ۵. ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام | ۲۳ |
| ۲۳ | موضوعات وذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے جماعت سوم | ۲۴ |
| ۲۴ | ۱. قرآن مجید اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | ۲۴ |
| ۲۵ | ۲. ایمانیات وعبادات | ۲۵ |
| ۲۶ | ۳. سیرتِ طیبّہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم | ۲۷ |
| ۲۷ | ۴. اخلاق وآداب | ۲۸ |

| نمبر شمار | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۸ | ۵. حسن معاملات و معاشرت | ۲۹ |
| ۲۹ | ۶. ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام | ۲۹ |
| ۳۰ | ۷. اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے | ۳۰ |
| ۳۱ | موضوعات وذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے جماعت چہارم | ۳۱ |
| ۳۲ | ۱. قرآن مجید اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | ۳۱ |
| ۳۳ | ۲. ایمانیات وعبادات | ۳۲ |
| ۳۴ | ۳. سیرتِ طیبّہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم | ۳۴ |
| ۳۵ | ۴. اخلاق وآداب | ۳۶ |
| ۳۶ | ۵. حسنِ معاملات و معاشرت | ۳۷ |
| ۳۷ | ۶. ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام | ۳۸ |
| ۳۸ | ۷. اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے | ۳۹ |
| ۳۹ | موضوعات وذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے جماعت پنجم | ۴۰ |
| ۴۰ | ۱. قرآن مجید اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | ۴۰ |
| ۴۱ | ۲. ایمانیات وعبادات | ۴۱ |
| ۴۲ | ۳. سیرتِ طیبّہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم | ۴۴ |
| ۴۳ | ۴. اخلاق وآداب | ۴۶ |
| ۴۴ | ۵. حسنِ معاملات و معاشرت | ۴۷ |
| ۴۵ | ۶. ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام | ۴۸ |
| ۴۶ | ۷. اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے | ۴۹ |
| ۴۷ | ہدایات برائے اساتذہ کرام | ۵۰ |
| ۴۸ | طریقۂ تدریس | ۵۱ |
| ۴۹ | اساتذہ کرام کے لیے اہم سوالات | ۵۲ |
| ۵۰ | جائزہ اور امتحانات | ۵۲ |
| ۵۱ | نصابی کتب کے مصنفین کے لیے رہنما اصول | ۵۴ |
| ۵۲ | مشقی سوالات سے متعلقہ ہدایات | ۵۸ |
| ۵۳ | جماعت وار فہرست احادیث | ۵۹ |
| ۵۴ | فہرست ممبران جائزہ کمیٹی نصاب اسلامیات | ۶۰ |

# تعارف

یکساں قومی نصاب کی تکمیل ''ایک قوم ایک نصاب'' کے خواب کی عملی تصویر ہے۔اسلامیات کے نصاب کے لیے قائم کردہ نظر ثانی کمیٹی نے انتہائی پرخلوص کوششوں کے ساتھ نصاب ۲۰۰۶ اور ۲۰۱۷ کا تحقیقی جائزہ لینے کے بعد نصاب میں حتی الامکان مزید بہتری لانے کی سعی کی ہے۔اسلامیات کے مضمون کی اہمیت کے پیشِ نظر اس نصاب کی نظر ثانی کے دوران اتحاد تنظیمات المدارس کے نمائندگان اور دیگر صوبائی و علاقائی اراکینِ کمیٹی کی سفارش پر اسلامیات کو جنرل نالج کے مضمون سے علیحدہ کر کے جماعت اول سے ہی ایک علیحدہ مستقل مضمون بنانے کا تاریخی فیصلہ کیا گیا ہے۔اس نظر ثانی کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ یہ نصاب محض عقائد، عبادات، سیرت اور اخلاق و آداب کی معلومات تک محدود نہ رہے بلکہ طلبہ کی کردار سازی اور انہیں شخصیت میں راسخ العمل بنانے میں ممد و معاون ثابت ہو سکے۔اس مقصد کے حصول کے لیے موجودہ نصابِ اسلامیات میں دو اجزا(Strands) کا اضافہ کیا گیا تا کہ طلبہ کو دور حاضر کے مسائل کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں حل کرنے کی ترغیب دی جاسکے۔یہ دو اجزا ''حسن معاملات و معاشرت'' اور ''اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے'' ہیں۔عقیدۂ ختمِ نبوت پر ایمان پختہ کرنے کے لیے ہر جماعت میں مناسب مواد شامل کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ پانچویں جماعت تک اٹھارہ احادیث یاد کرنے کو بھی پہلی مرتبہ نصاب کا حصہ بنایا گیا ہے۔

پہلا مسوّدہ تمام صوبوں اور علاقوں میں بھیجا گیا جہاں ماہرین پر مشتمل کمیٹیوں نے مزید نظر ثانی کے بعد اپنی سفارشات قومی نصاب کونسل، وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کو بھیج دیں۔ان سفارشات کو نصاب کا حصہ بنانے کے بعد اسلام آباد میں تمام صوبوں، علاقوں، وفاقی تعلیمی ادارہ جات (کینٹ اینڈ گیریژن) اور اتحاد تنظیمات المدارس پاکستان کے نمائندہ علمائے کرام، محققین اور ماہرین مضمون کے چار روزہ اجلاس میں یہ نصاب تکمیل تک پہنچا۔

نصاب کی تیاری میں اجزا (Strands) معیارات (Standards)، حدود تدریج (Benchmarks)، حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) اور سرگرمیوں (Activities) کو باقاعدہ طور پر شامل کر دیا گیا ہے، اس کے علاوہ (Compulsory Teaching of Holy Quran Act 2017) کو مدنظر رکھتے ہوئے پہلی سے پانچویں جماعت تک ناظرہ قرآن مجید بھی شامل کیا گیا ہے۔کمیٹی ۲۰۲۰ برائے نصابِ اسلامیات نے اس کام کو انتہائی محنت و سعی سے سرانجام دیا ہے۔

موجودہ نصاب میں طلبہ کے سیکھنے کے عمل کے امکانات میں اضافہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔تا کہ طلبہ اسلامیات کو صرف ایک مضمون کے طور پر نہ پڑھیں بلکہ اس کو اپنی روزمرہ زندگی میں شامل کر سکیں اور ایک باعمل مسلمان بن سکیں۔اس نصاب میں تدریسی مواد کے اطلاق کو عام فہم اور آسان زبان میں متعارف کروایا گیا ہے۔نیز مصنفین اور اساتذہ کرام کے لیے باقاعدہ ہدایات دی گئی ہیں جن پر عمل کرنے سے بہترین نتائج کی امید کی جاسکتی ہے۔

# 01

# تدریسِ اسلامیات کے مقاصد

(برائے جماعت اوّل تا پنجم)

# تدریسِ اسلامیات کے مقاصد (برائے جماعت اوّل تا پنجم)

یکساں نصابِ اسلامیات کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:۔

۱۔ اس بات پر پختہ ایمان اور یقین کریں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ صرف وہی خالق، مالک، رازق اور حاکم ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور یہ کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

۲۔ تمام نبیوں اور رسولوں پر ایمان لا سکیں اور عقیدۂ ختم نبوت پر پختہ یقین رکھیں نیز ان پر نازل کردہ آسمانی کتب پر ایمان لائیں اور قرآن مجید کو آخری الہامی کتاب مانیں اور اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتوں پر پورے یقین اور صدقِ دل سے ایمان لا سکیں۔

۳۔ اس بات پر ایمان لائیں کہ یہ دنیا فانی ہے، قیامت ضرور آئے گی اس یقین کے ساتھ آخرت کی بہترین تیاری کر سکیں۔

۴۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت رکھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت اور اسوۂ حسنہ سے آگاہ ہوں۔ سچے دل سے سیرت اور اسوۂ حسنہ کی اتباع کریں اور معاشرے میں اسلامی اقدار و تعلیمات کے احیاء کا فریضہ سرانجام دیں۔

۵۔ قرآن مجید کی تلاوت کی اہمیت اور اس کے آداب سے واقف ہوں۔ قرآن مجید کی تجوید، رموزِ اوقاف، درست تلفظ اور روانی کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور اس کا مفہوم سمجھیں۔ ذوق وشوق اور خشیت و اخلاص کے ساتھ قرآنی تعلیمات کی پیروی کر سکیں۔

۶۔ عبادات کی اصل روح اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں اور خشوع و خضوع سے ان کی ادائیگی کر سکیں۔

۷۔ معاشرتی زندگی میں آدابِ معاشرت، حسنِ اخلاق و معاملات اور حقوق و فرائض سے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے واقف ہوں اور ان کے فوائد و برکات سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

۸۔ اپنے وطن سے محبت، قومی یکجہتی و سلامتی، نظریاتی سرحدوں کی حفاظت اور دفاعِ وطن کے لیے جدوجہد کر سکیں۔

۹۔ روزمرہ زندگی میں اخلاقِ حسنہ مثلاً خدمتِ خلق، اخوت و مساوات، تحمل و بردباری، نظم وضبط، سچائی، حیا، ایفائے عہد، عفو و درگزر کو اپنا سکیں اور اخلاقِ رذیلہ مثلاً فضول خرچی، غرور و تکبر، نمود و نمائش اور ریاکاری وغیرہ کی تمام صورتوں سے اجتناب کر سکیں۔

۱۰۔ لسانی، علاقائی، صوبائی، مذہبی، مسلکی، گروہی تعصب اور فرقہ وارانہ سوچ سے بالاتر ہو کر ملی اتحاد قائم کر سکیں۔

۱۱۔ رواداری، برداشت اور صبر و تحمل کے جذبے سے سرشار ہو کر قومی یکجہتی قائم کریں اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کا لحاظ کر سکیں نیز دوسرے مذاہب کے پیروکاروں کے حقوق کا بھی خیال رکھ سکیں۔

۱۲۔ ملکی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں سے آگاہ ہو کر ایک ذمہ دار شہری کا کردار ادا سکیں۔

۱۳۔ انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیتِ اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، مشاہیرِ اسلام اور صوفیائے کرام کی دینی خدمات اور کردار سے آگاہ ہو سکیں اور اپنی زندگی کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

۱۴۔ مسلمانوں کے تابناک ماضی پر فخر کر سکیں اور عظیم مسلمان شخصیات کو اپنے لیے مشعلِ راہ بنا سکیں۔

۱۵۔ اس بات پر پختہ یقین کریں کہ اسلام ایک عالمگیر دین ہے اور زندگی کے ہر شعبے کے لیے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ یہ قیامت تک تمام بنی نوع انسان کے لیے رہنمائی ہے۔ اس لیے دینی تعلیمات کو سمجھتے ہوئے انھیں عملی طور پر اپنا سکیں۔

۱۶۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جدید علوم اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کریں۔ جدید آلات اور ذرائع مواصلات کا مثبت اور موزوں استعمال کر سکیں۔

۱۷۔ علم کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے تحقیق، غور و فکر، تدبر اور پرکھنے کا جذبہ بیدار کر سکیں۔ عہد حاضر کے نئے رجحانات کو اسلامی نقطہ نظر سے سمجھ سکیں اور اپنے مسائل کا حل تلاش کر سکیں۔

۱۸۔ نظریۂ پاکستان کی حقیقی روح کو قرآن و سنت کی روشنی میں سمجھتے ہوئے مملکتِ پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے میں فعال کردار ادا کر سکیں۔

۱۹۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں حفظانِ صحت کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنی ذہنی اور جسمانی صحت کا خیال رکھ سکیں۔

۲۰۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں قدرتی اور فطری ماحول کے تحفظ اور فوائد کو سمجھتے ہوئے صفائی، شجر کاری اور پانی بچاؤ مہم جیسی سرگرمیوں میں پر جوش حصہ لے سکیں۔

۲۱۔ اسلامی اقدار و روایات سے متصادم اور ثقافتی یلغار سے متاثر ہوئے بغیر قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق انفرادی، خاندانی اور معاشرتی زندگی استوار کر سکیں۔

۲۲۔ مسلم شناخت کو اپنے ظاہری اعمال، کردار اور رویوں میں اختیار کر سکیں اور شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دے سکیں۔

۲۳۔ انسانی تنوع کی نہ صرف حکمت اور وسعت کو سمجھ سکے بلکہ ہر انسان کے ظاہری شکل و صورت اور رنگ و نسل سے ماورا احترام انسانیت کا خیال رکھ سکے۔

# 02

# اسلامیات کے نصاب کی ترتیب

## اسلامیات کے نصاب کی ترتیب

اسلامیات کا یہ نصاب ترتیب کے لحاظ سے پہلی سے بارہویں جماعت تک ہے۔ یہ نصاب طلبہ کی طبعی عمر اور ذہنی سطح سے مطابقت اور علمی، سماجی اور مذہبی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس نصاب میں استعمال ہونے والی چند اصطلاحات کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

### اجزا (Strands)

اسلامیات کا یہ نصاب (پہلی سے بارہویں جماعت تک) سات اجزا پر مشتمل ہے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

۱. قرآن مجید و حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم
۲. ایمانیات و عبادات
۳. سیرتِ طیّبہ
۴. اخلاق و آداب
۵. حسنِ معاملات و معاشرت
۶. ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام
۷. اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

### معیارات (Standards)

یکساں قومی نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) سات اجزا پر مشتمل ہے۔ ہر جز کے الگ الگ معیار (Standard) مقرر کیے گئے ہیں۔ معیار سے مراد وہ علم، مہارتوں اور رویّوں کے بارے میں ہماری توقعات ہیں جو طلبہ اسکول کے بارہ سالوں میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور ان کی مدد سے اپنے رویّوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔

### حدودِ تدریج (Benchmarks)

نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) کو پانچ حدودِ تدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حدودِ تدریج، معیارات کے حصول کے لیے مقرر کیے گئے ہیں جن سے مراد وہ علم، مہارتوں اور رویّوں کے بارے میں ہماری توقعات ہیں جو طلبہ مقرر کردہ پانچ حدودِ تدریج میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے رویّوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

| حدِ تدریج | جماعتیں |
|---|---|
| پہلا | پہلی اور دوسری جماعت |
| دوسرا | تیسری تا پانچویں جماعت |
| تیسرا | چھٹی تا آٹھویں جماعت |
| چوتھا | نویں اور دسویں جماعت |
| پانچواں | گیارہویں اور بارہویں جماعت |

## حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes)

نصاب اسلامیات کو پانچ حدود تدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر حدِ تدریج کے حصول کے لیے ہر جماعت، باب یا عنوان کے لیے حاصلاتِ تعلّم مقرر کیے گیے ہیں جن سے مراد وہ علم، مہارتیں اور رویّوں کے بارے میں ہمارے حاصلات کے متوقع نتائج ہیں جو طلبہ کسی خاص جماعت، باب یا عنوان میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے رویّوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔

## مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities)

نصاب اسلامیات کے معیارات، حدودِ تدریج اور حاصلاتِ تعلّم کے بہتر حصول کے لیے ہر جماعت، باب یا عنوان کے لیے حاصلاتِ تعلّم مقرر کیے گیے ہیں۔ان حاصلاتِ تعلّم میں وقوفی (Cognitive)، مہارتی (Psychomotor)، اور روّیہ جاتی (Affective) پہلوؤں کے حصول کے لیے مجوزّہ سرگرمیاں (Suggested Activities) بھی شامل کی گئی ہیں۔

# 03

# ناظرہ قرآن مجید

# لازمی تدریس قرآن پاک ایکٹ ۲۰۱۷

لازمی تدریس قرآن پاک ایکٹ ۲۰۱۷ کے مطابق پہلی جماعت سے پانچویں تک ناظرہ قرآنِ مجید پڑھانا لازمی ہے۔ چنانچہ پہلی سے پانچویں جماعت تک قرآنی قاعدہ اور تیس پارے شامل کیے گئے ہیں:

| | |
|---|---|
| جماعت اوّل | قرآنی قاعدہ مع سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص |
| جماعت دوم | پہلا اور دوسرا پارہ |
| جماعت سوم | تیسرا تا آٹھواں پارہ |
| جماعت چہارم | نواں تا اٹھارواں پارہ |
| جماعت پنجم | انیسواں تا تیسواں پارہ |

# جزوِ اوّل

# قرآن مجید و حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

## معیار (Standard):

قرآن مجید (تلاوت، حفظ، ترجمہ) اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم اور ان کی تعلیمات کو سمجھ کر اپنی زندگی میں لاگو کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔

| حدِودتدریج ( Benchmarks ) اوّل ودوم | حدِودتدریج ( Benchmarks ) سوم تاپنجم |
|---|---|
| • قرآن مجید کی درست تجوید کے بنیادی اصول (مخارج اور رموزِاوقاف کا خیال رکھتے ہوئے) قرآنی قاعدہ کی مدد سے سیکھ سکیں۔<br>• سورۃ فاتحہ اور آخری تین سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کے پہلے دو پارے تجوید اور رموزِاوقاف کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• تعوّذ، تسمیہ، کلمہ طیبہ اور مختصر درود شریف (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم) مع مفہوم یاد کرسکیں اور موزوں مواقع پر ان کا استعمال کر سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے کلمات اور ان کا مفہوم یاد کر کے استعمال کرسکیں۔<br>انشاءاللہ، ماشاءاللہ، الحمدللہ<br>• روزمرہ زندگی سے متعلق تین مختصر صحیح احادیث کا مفہوم سمجھ کر ان پر عمل کر سکیں۔ | • قرآن مجید کی درست تجوید کے ساتھ (مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھتے ہوئے) تلاوت کرنے کی اہلیت پیدا کرسکیں۔<br>• قرآن مجید کے تیسرے پارے سے لے کر تیسویں پارے تک درست تجوید اور رموزِ اوقاف کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی آخری دس سورتیں حفظ کر کے نماز اور نماز کے علاوہ پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• آیت الکرسی، کلماتِ طیبات، ثناء، تشہد، درود شریف، دعائے قنوت، تسبیحات اور مسنون دعائیں مع ترجمہ یاد کرسکیں۔<br>• کلماتِ طیبات:<br>سُبحَانَ اللّٰہ، اَللّٰہ اَکبَر، یَرحَمُکَ اللّٰہ<br>اَستَغفِرُ اللّٰہ، لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ<br>مع ترجمہ یاد کرسکیں۔<br>• روزمرہ زندگی سے متعلق پندرہ مختصر صحیح احادیث کا مفہوم سمجھ کر ان پر عمل کر سکیں۔ |

# جزو دوم

# ایمانیات وعبادات

## الف: ایمانیات

### معیار (Standard):

عقائدِ اسلام کی حقیقت بالخصوص عقیدہ توحید ورسالت وختمِ نبوت، اوران کے تقاضوں کو جان کران پر ایمان مضبوط کریں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔

| حدودِ تدریج ( Benchmarks ) اوّل ودوم | حدودِ تدریج ( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لاسکیں اور سمجھ سکیں کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی تمام مخلوقات کے خالق ہیں۔<br>• اس بات کو سمجھ کر ایمان لے آئیں کہ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔<br>• اس بات کو سمجھ کر ایمان لے اس بات پر ایمان رکھیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم خاتم النبیین یعنی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے بعد ہمیشہ کے لیے کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں اس بات پر ایمان رکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں پر الہامی کتب نازل کی ہیں اور ان کتب اور رسل کے نام بتاسکیں۔ | • پانچ بنیادی عقائدِ اسلام کا تعارف حاصل کرسکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کی ضرورت واہمیت سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• ان عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انھیں اپنی عملی زندگی میں شامل کرسکیں۔<br>• عقیدہ ختم نبوت پر پختہ ایمان رکھیں اور یہ کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمات حتمی اور ہمیشہ کے لیے رہنے والی ہیں اور دنیا وآخرت میں کامیابی کا ذریعہ صرف اُسوۂ حسنہ پر عمل کرنے میں ہی ہے۔ |

# جزو دوم

# ایمانیات وعبادات

## ب: عبادات

## معیار (Standard):

ارکانِ اسلام اور دیگر عبادات میں اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی اصل روح کو جان کر اپنی زندگی ان کے مطابق گزاریں اور ان کے روحانی ومعاشرتی فوائد حاصل کریں۔

| حدودِ تدریج ( Benchmarks ) اوّل ودوم | حدودِ تدریج ( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے، پنجگانہ نمازوں کے نام جان لیں اور یہ کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔<br>• یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رکن ہے اور رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینہ ہے۔<br>• عیدین اور دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔ | • پانچ ارکان اسلام کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں اور ان کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی میں ان کی پابندی کر کے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر سکیں۔<br>• ختمِ نبوت اور اطاعت واتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی اہمیت وفرضیت جان کر اپنی زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |

# جزوسوم

# سیرتِ طیّبہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

## معیار(Standard):

اپنے دلوں میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی محبت اور ادب پیدا کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیّبہ کے ہر پہلو سے آگاہی حاصل کریں اور یہ جان لیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم خاتم النّبیین ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت پر عمل کرنا ہی دنیاوآخرت کی کامیابی کا ضامن ہے۔

| حدِودتدریج ( Benchmarks ) اوّل ودوم | حدِودتدریج ( Benchmarks ) سوم تاپنجم |
| --- | --- |
| • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت مبارکہ اور گھرانے کے متعلق جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ کی روشنی میں اخلاق حسنہ کے مختلف پہلوؤں کے متعلق جان سکیں اوران پر عمل کر سکیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ اوران کی تعلیمات کی پیروی کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم سے محبت ایمان کا لازمی جزو ہے۔ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت مبارکہ سے لے کر غزوات تک سیرت طیبہ کے واقعات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ایمان وعقیدت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی اتباع کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔ |

# جزو چہارم

# اخلاق و آداب

## معیار(Standard):

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اچھی عادات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کا اطلاق کریں۔

| حدِ و تدریج ( Benchmarks ) اوّل و دوم | حدِ و تدریج ( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • قرآن و سنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اسلامی آداب زندگی کے متعلق جان سکیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ تمام انسان اور جانور اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں اور انھیں سب کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔ | • قران و سنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ جیسے دیانت داری، سچائی، ایفائے عہد اور عفوو درگزر وغیرہ کے متعلق جان کر اپنی زندگی میں لاگو کر سکیں۔<br>• اچھی صفات کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔<br>• معذور اور معاشرے کے دھتکارے ہوئے افراد کے ساتھ حسن سلوک کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

# جزو پنجم

# حسنِ معاملات و معاشرت

## معیار( Standard ):

باہمی تعلقات اور معاملات میں اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہوں اور قومی و بین الاقوامی معاملات میں ان سنہری اصولوں پر عمل کریں۔

| حدِ و تدریج ( Benchmarks ) اوّل و دوم | حدِ و تدریج ( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| نوٹ: یہ جزو(Strand)حسنِ معاملات و معاشرت اوّل و دوم میں شامل نہیں ہیں۔ | • حقوق وفرائض کے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان پر عمل پیرا ہو کر ایک مثالی مسلمان، محبِ وطن اور ذمہ دار شہری بن سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں اپنے تمام معاملات اسلامی تعلیمات کے مطابق خوش اسلوبی سے سرانجام دینے کی عادت اپنا سکیں۔ |

# جزو ششم

# ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام

## معیار(Standard):

انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواجِ مطہرات ، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، مشاہیرِ اسلام اور صُوفیائے کرام کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہوں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کریں۔

| حدِود تدریج ( Benchmarks ) اوّل و دوم | حدِود تدریج ( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
| --- | --- |
| • انبیائے کرام علیہم السلام (حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کا مختصر تعارف جان سکیں۔<br>• یہ جان لیں یہ حضرت آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی ہیں اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کے بعد کبھی کوئی نبی نہیں آئے گا۔ | • انبیاء کرام علیہم السلام (حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کی حیاتِ طیبہ اور ان کے اوصاف سے واقف ہو سکیں۔<br>• خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنھم کے حالاتِ زندگی، دینی خدمات اور سیرت و کردار کو اجمالی طور پر جان کر انہیں مشعلِ راہ بنا کر دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کر سکیں۔ |

# جزو ہفتم

# اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

## معیار(Standard):

اسلامی تہذیب و تمدن کے خدّوخال کی پہچان کرتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل (قومی اور بین الاقوامی) کے حل میں اپنا کردار ادا کر سکیں اور اس کی روح کو فخر کے ساتھ اپناتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل کا حل تلاش کر سکیں اور اسے دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ سمجھیں۔ وطنِ عزیز پاکستان میں اسلامی، اخلاقی اور روحانی اقدار و روایات کو فروغ دے سکیں نیز یہ کہ غم و خوشی کے موقعوں پر اسلامی و غیر اسلامی تہذیب میں امتیاز کر سکیں۔

| حدِود تدریج ( Benchmarks ) اوّل و دوم | حدِود تدریج ( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
| --- | --- |
| نوٹ: یہ جزو(Strand) اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے اوّل و دوم میں شامل نہیں ہیں۔ | • قدرت کے خوبصورت مظاہر (پانی اور پودوں) کی اہمیت، استعمال اور حفاظت کے بارے میں اسلامی تعلیمات جان کر ان پر عمل کر سکیں۔<br>• "صفائی نصف ایمان ہے" اس حدیث کے پیشِ نظر اسلامی تہذیب کی خصوصیات اپناتے ہوئے ماحول کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

# 04

# موضوعات وذیلی موضوعات،

# حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں

موضوعات و ذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے

# جماعت اوّل

## 1۔ قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | ناظرہ قرآن مجید | • قرآنی قاعدہ کے ذریعے تجوید کے قواعد جیسے درست مخارج کے ساتھ حروف کی اشکال اور اصوات، زبر، زیر، پیش، جزم، قلقلہ، غنہ، تشدید، مد، کھڑا زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش وغیرہ سمجھ سکیں۔<br>• سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص کی تلاوت کر سکیں۔ | • طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔ |
| ب | حفظِ قرآن مجید | • سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص درست تلّفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔<br>• سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔ | • مقابلہ حسن قرأت کروایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ |
| ج | حفظ و ترجمہ | • کلمہ طیبہ مع مفہوم یاد کر سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔ (انشآء اللہ، ماشاء اللہ) | • کمرۂ جماعت میں کلمہ طیبہ کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔<br>• جن مواقع پر انشآء اللہ، ماشاء اللہ کا استعمال کیا جاتا ہے ان کی نشاندہی کریں۔ |
| د | حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | • ایک مختصر صحیح حدیث (بمطابق ضمیمہ) سمجھ سکیں۔<br>• اپنی زندگی میں اس حدیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | • حدیث کو سمجھ کر اس پر عمل کو اپنا معمول بنائیں۔ |
| ہ | دعائیں (زبانی) | • علم میں اضافے کی دُعا:<br>رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا<br>(اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما)<br>اس دُعا کو یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔<br>(عربی متن افضل ہے مگر مفہوم بھی یاد کیا جاسکتا ہے)۔ | • دُعا کو یاد کر کے روزانہ اسے پڑھنے کا معمول بنائیں۔ |

## 2۔ایمانیات وعبادات

### ا۔ایمانیات

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
| --- | --- | --- | --- |
| ا | توحید کا تعارف | • اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان رکھیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی تمام کائنات کے خالق ہیں۔<br>• یہ بات جان اور سمجھ لیں کہ دنیا کی تمام چیزوں بشمول انسان کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی مختلف مخلوقات کا نام بتا سکیں مثلاً چاند، ستارے، سورج، درخت، جانور، پرندے وغیرہ۔<br>• یہ سمجھ لیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ | • طلبہ میں مختلف تصاویر تقسیم کریں اور انھیں دو حصوں میں بانٹنے کو کہیں:<br>ا۔ وہ چیزیں جو اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ ہیں۔<br>۲۔ وہ چیزیں جنھیں انسان اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی طاقت، علم اور عقل سے بناتے ہیں۔ |
| ب | نبوت ورسالت | • اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔<br>• اس بات پر ایمان پختہ کریں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم خاتم النبیین یعنی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کے بعد ہمیشہ کے لیے کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔ | • عقیدہ ختم نبوت کے متعلق آیت قرآنی مع ترجمہ کا چارٹ بنوا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کیا جائے۔ |

### ب:عبادات

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
| --- | --- | --- | --- |
| ا | مسجد و اذان | • یہ جان لیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے۔<br>• جان لیں کہ اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔ | • طلبہ کو اذان کے وقت مکمل خاموشی اختیار کرنے اور اذان کا جواب دینے کی مشق کرائی جائے۔ |
| ب | نماز | • یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے۔<br>• یہ جان لیں کہ نماز ادا کرنے کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔<br>• پنجگانہ نمازوں کے نام جان سکیں۔ | • نماز کے ناموں کا چارٹ تیار کرکے کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔ |

## 3۔ سیرتِ طیّبہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے گھرانے کے متعلق جان سکیں۔ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے دادا، والد، والدہ، چچا اور رضاعی والدہ کے اسمائے گرامی کا ایک چارٹ تیار کریں۔ |
| ب | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے صادق اور امین ہونے کو جان سکیں۔<br>• سیرت طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی صداقت اور امانت کے واقعات اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔ |

## 4۔ اخلاق وآداب

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | اچھے اخلاق | • قرآن وسنت کی روشنی میں اچھے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔<br>• اپنی عملی زندگی میں اچھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔ | • اچھے کاموں کی فہرست چارٹ پر لکھ کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| ب | سلام کرنا | • یہ جان سکیں کہ ایک دوسرے کو سلام کرنا سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم ہے۔<br>• سلام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• سلام کرنے کا طریقہ وآداب سیکھ سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔ | • سکول اور کمرۂ جماعت میں آتے جاتے سلام کرنے کی عادت پختہ کروائیں۔ |

## 5۔ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | انبیاء کرام علیہم السلام کا تعارف | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>● جان سکیں کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کو انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔<br>● انبیاء کرام علیہم السلام کی تعداد کے بارے میں جان سکیں۔<br>● انبیاء کرام علیہم السلام کی صفات کے بارے مختصر طور پر جان سکیں۔<br>● یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم ہیں۔ | ● طلبہ کو انبیاء کرام بالخصوص حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کے معجزات کے بارے میں بتایا جائے۔<br>● صاحب کتاب انبیاء کرام علیہم السلام کے ناموں کا چارٹ بنوا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔ |

موضوعات و ذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے

# جماعت دوم

## 1۔ قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | ناظرہ قرآن مجید | • قرآن مجید کے پہلے اور دوسرے پارے کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔ | • طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔ |
| ب | حفظِ قرآن مجید | • سورۃ الفلق اور سورۃ الناس درست تلّفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔<br>• سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔<br>• معوّذتین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔ | • مقابلہ حسن قرأت کروایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ |
| ج | حفظ و ترجمہ | • تعوّذ، تسمیّہ اور مختصر درود شریف (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم) مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر ان کا استعمال کر سکیں۔<br>• یہ جان لیں کہ جب بھی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کا اسمِ گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام کرنا چاہیے۔<br>• روز مرہ زندگی میں استعمال ہونے والے کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔<br>(اَلْحَمْدُلِلّٰہ۔ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ )۔ | • جماعت میں کلمات طیبات کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔<br>• طلبہ کو بتایا جائے کہ جب بھی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کا اسمِ گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف ضرور پڑھیں اور لکھیں۔<br>• جن مواقع پر الحمد للہ، اور یرحمک اللہ کا استعمال کیا جاتا ہے ان کی نشاندہی کریں۔ |
| د | حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | • دو مختصر صحیح احادیث (بمطابق ضمیمہ) سمجھ سکیں۔<br>• اپنی زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | • حدیث کو سمجھ کر اس پر عمل کو اپنا معمول بنائیں۔ |
| ہ | دعائیں (زبانی) | • والدین کے لیے دُعا:<br>رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا<br>(اے میرے رب میرے والدین پر رحم فرما جیسے انہوں نے میری پرورش کی جب میں چھوٹا تھا)۔<br>اس دُعا کو یاد کر کے اپنی روز مرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔<br>(عربی متن افضل ہے مگر مفہوم بھی یاد کیا جا سکتا ہے)۔ | • دُعا کو یاد کر کے روزانہ اسے پڑھنے کا معمول بنائیں۔ |

## 2۔ایمانیات وعبادات

### ا۔ایمانیات

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | آسمانی کتب اور فرشتے | • اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے رسولوں پر الہامی کتب نازل کی ہیں۔<br>• الہامی کتب اور جن انبیا کرام علیہم السلام پر یہ کتب نازل ہوئیں، ان کے نام جان سکیں۔<br>• یہ جان لیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔<br>• اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق فرشتوں کے بارے میں جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔<br>• چار بڑے فرشتوں کے نام جان سکیں۔ | • ترتیبِ زمانی کے لحاظ سے الہامی کتب اور جن انبیاء کرام علیہم السلام پر یہ کتب نازل ہوئیں، ان کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔ |
| ب | آخرت | • آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• آخرت اور جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔ | |

### ب: عبادات

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | روزہ | • یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رکن ہے۔<br>• یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینہ ہے۔<br>• سحری اور افطاری کے بارے میں جان سکیں۔ | • روزہ رکھنے کی نیت اور روزہ افطار کرنے کی دُعا کا چارٹ بنوا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| ب | عیدین و اسلامی تہوار | • عیدین کا تعارف حاصل کر سکیں۔<br>• یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک کے بعد عید الفطر آتی ہے۔<br>• یہ جان سکیں کہ عید الاضحیٰ ذی الحج کے مہینے میں آتی ہے۔<br>• عیدین کے موقعے پر کیے جانے والے کاموں کے بارے میں جان سکیں۔<br>• پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔ | • عید کے دن کی اپنی مصروفیات دوستوں کو سنائیں۔<br>• جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کے جلوس کا آنکھوں دیکھا حال بیان کریں۔ |

## 3۔ سیرتِ طیّبہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی محبت اور اطاعت | • یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم سے محبت رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔<br>• یہ جان سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی محبت کو اُجاگر کرنے کے لیے نعت خوانی کا مقابلہ منعقد کیا جائے۔ |
| ب | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کے اخلاقِ حسنہ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی رحمدلی، ایفائے عہد اور عفو درگذر کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کے اخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔ | • سبق میں موجود واقعات کے علاوہ اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم سے متعلق دیگر واقعات طلبہ کو سنائیں۔ |

## 4۔ اخلاق وآداب

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | اسلامی آدابِ زندگی | • قرآن وسنت کی روشنی میں روزمرہ زندگی کے آداب جان سکیں۔<br>• کھانے پینے کے آداب جان سکیں۔<br>• گفتگو کے آداب سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• اپنی عملی زندگی میں ان آداب پر عمل کرسکیں۔ | • کھانا کھانے سے پہلے اور بعد کی دُعا یاد کریں اور چارٹ بنا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| ب | بڑوں کا ادب | • قرآن وسنت کی روشنی میں بڑوں کے ادب واحترام کے بارے میں جان سکیں۔<br>• بڑوں کے ادب واحترام کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• بڑوں کے احترام کی عادت اپنا سکیں۔ | • روزمرہ زندگی میں آپ اپنے بڑوں کا ادب کیسے کرتے ہیں، استاد کو بتائیں۔ |
| ج | جانوروں سے اچھا سلوک | • قرآن وسنت کی روشنی میں یہ جان سکیں کہ تمام جانور اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔<br>• جانوروں کے حقوق سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• جانوروں کے ساتھ اچھے سلوک اور ہمدردی کا مظاہرہ کرسکیں۔ | • آپ اپنے پالتو جانوروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں؟ ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔ |

## 5۔ ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
| --- | --- | --- | --- |
| ا | انبیائے کرام علیہم السلام | • انبیائے کرام علیہم السلام میں سے حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔<br>• انبیائے کرام علیہم السلام پر نازل ہونے والی کتب اور صحائف کے بارے میں جان سکیں۔ | • جن انبیائے کرام علیہم السلام کے اسمائے گرامی قرآن مجید میں بیان ہوئے ہیں، ان میں سے دس (10) کی فہرست بنائیں۔ |

موضوعات وذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے

# جماعت سوم

## 1۔ قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | ناظرہ قرآن مجید | • قرآن مجید کے پارہ ۳ تا ۸ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔ | • طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔ |
| ب | حفظِ قرآن مجید | • سورۃ الکوثر اور سورۃ النصر درست تلّفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔<br>• سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔ | • مقابلہ حسن قرأت کروایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ |
| ج | حفظ و ترجمہ | • کلمات طیبات:<br>اَللّٰہُ اَکۡبَرُ۔ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیۡرًا<br>یاد کر سکیں۔<br>• ان کلمات کے معانی و مفاہیم جان سکیں اور ان کلمات کو موقع کی مناسبت سے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھ سکیں۔<br>• مکمل نماز درست تلفظ اور روانی کے ساتھ یاد کر کے ادا کرنے کے عادی بن سکیں۔<br>• درود ابراہیمی کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ یاد کر کے کثرت سے درود پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• ہر دعا کے اول و آخر درود شریف پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ | • تمام کلمات کے چارٹ تیار کروا کر کمرۂ جماعت میں لگائیں۔<br>• ان کلمات کے پڑھنے کی عملی مشق کروائی جائے۔<br>• درودِ ابراہیمی کی آڈیو سنیں اور طلبہ درود پاک کو پڑھنے اور یاد کرنے کی مشق کریں۔<br>• کلماتِ نماز کا چارٹ بنوا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کیا جائے۔ |

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • حدیث کو سمجھ کر اس پر عمل کو اپنا معمول بنائیں۔ | • چار مختصر صحیح احادیث (بمطابق ضمیمہ) سمجھ سکیں۔<br>• اپنی زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | د |
| • دُعاؤں کو یاد کریں اور روزانہ ان کو پڑھنے کا معمول بنائیں۔<br>• تمام دُعاؤں کا چارٹ بنا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔ | • کھانے سے پہلے کی دعا:<br>بِسۡمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ<br>(شروع اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ کی برکت پر)<br>• کھانے کے بعد کی دعا:<br>اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ اَطۡعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ<br>(تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور ہمیں پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا)<br>ان دُعاؤں کو یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔<br>(عربی متن افضل ہے مگر مفہوم بھی یاد کیا جا سکتا ہے)۔ | دعائیں (زبانی) | ہ |

## 2۔ایمانیات وعبادات

### ا۔ایمانیات

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • کمرۂ جماعت میں اللہ تعالیٰ کی عظمت وکبریائی کا تذکرہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی صفات کی فہرست بنوائی جائے۔<br>• کلمہ طیبہ اور سورۃ الاخلاص کے چارٹ تیار کرائے جائیں۔<br>• اسمائے حسنیٰ کی آڈیو سنائی جائے۔<br>• بچوں کو سیر پر لے جایا جائے اور مظاہر قدرت کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو سمجھایا جائے۔ | • اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقیدے کا مفہوم جان سکیں۔<br>• توحید کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا وحدہ لا شریک کے طور پر ادراک کر سکیں۔<br>• کلمہ طیبہ اور سورۃ الاخلاص کا ترجمہ اور ان میں موجود تعلیمات جان سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی جان کر اس کی نعمتوں کا شکر ادا کر سکیں۔<br>• عملی زندگی میں توحید کے تقاضے سمجھ سکیں۔ | توحید کا تعارف | ا |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ب | نبوت و رسالت | • نبوت اور رسالت کا معنی اور مفہوم سمجھ سکیں۔<br>• نبوت اور رسالت کی ضرورت واہمیت کو جان سکیں۔<br>• انبیاء کرام علیہم السلام کی صفات سے واقف ہو کر عملی زندگی میں انہیں اپنا سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کو نبی آخر الزماں جان کر عقیدۂ ختم نبوت کو مضبوط کر سکیں۔<br>• اپنی زندگی کو پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی سیرت وسنت کے مطابق ڈھال سکیں۔ | • عقیدۂ ختم نبوت کے متعلق آیت قرآنی مع ترجمہ کا چارٹ بنوا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کیا جائے۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی صفات کا چاٹ بنا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کیا جائے۔ |

## ب: عبادات

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | کلمۂ شہادت | • ارکان اسلام کا اجمالی تعارف جان سکیں۔<br>• کلمۂ شہادت مع ترجمہ یاد کر سکیں۔<br>• کلمۂ شہادت کا مفہوم اور اس کی اہمیت سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں۔ | • ارکانِ اسلام کا چارٹ بنوا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں |
| ب | اذان | • یہ جان سکیں کہ اذان اسلامی شعائر میں سے ہے۔<br>• اذان کی فضیلت وآداب سے واقف ہو سکیں۔ | • طلبہ کو اذان کے وقت مکمل خاموشی اختیار کرنے اور اذان کا جواب دینے کی مشق کرائی جائے۔ |
| ج | وضو | • یہ جان سکیں کہ وضو نماز کے لیے ضروری ہے۔<br>• وضو کی فضیلت وآداب سے واقف ہو سکیں۔ | • طلبہ وضو اور نماز کا عملی طریقہ اپنے والدین سے سیکھ کر اس پر عمل کریں۔(گھر کے لئے سرگرمی) |
| د | نماز | • نماز کی اہمیت، فضیلت اور آداب جان سکیں۔<br>• نمازوں کی تعداد، رکعات اور ناموں سے واقف ہو سکیں اور نماز کی پابندی کر سکیں۔<br>• باجماعت نماز کی فضیلت بیان کر سکیں۔ | • نماز کے ناموں اور ان کے اوقات کا چارٹ تیار کر کے کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| ہ | قبلہ ومسجد | • قبلہ کا تعارف (مع قبلہ اول) اور اس کی اہمیت جان سکیں۔<br>• قبلہ کے ادب واحترام کو اپنی زندگیوں میں شامل کر سکیں۔<br>• مسجد کا تعارف اور اہمیت جان سکیں۔<br>• مسجد کے ادب واحترام کو اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔ | • طلبہ کو خانہ کعبہ کے تعارف اور اس کی تعمیر کی کوئی ویڈیو دکھائی جائے۔<br>• عالم اسلام کی چند تاریخی مساجد کی تصاویر کا البم تیار کریں۔ |

## 3۔ سیرتِ طیّبہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے دادا، والد، والدہ، چچا اور رضاعی والدہ کے اسمائے گرامی کا ایک چارٹ تیار کریں۔<br>• سیرت النبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کی زمانی ترتیب سے واقعات کی فہرست بنائیں۔<br>• سیرت النبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے موضوع پر ذہنی آزمائش اور تقریری مقابلہ کروایا جائے۔ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے خاندان اور آپ صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کی ولادت باسعادت، بوقت ولادت معجزات اور پرورش کے بارے میں جان سکیں۔<br>• آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کے بچپن کے چیدہ چیدہ واقعات کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• حضرت ابو طالب کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم سے محبت اور کفالت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کے سفرِ شام کے دوران پیش آنے والے واقعات کو جان سکیں۔<br>• حِلفُ الفُضُول جیسے اہم تاریخی واقعہ اور اس کی اہم شقوں سے واقف ہو سکیں۔<br>• پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی مکہ مکرمہ میں ابتدائی زندگی کے واقعات، حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے نکاح، حجرِ اسود کی تنصیب وغیرہ سے آگاہ ہو سکیں۔ | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ (قبل از بعثت) | ا |
| • طلبہ سے ان کی ذاتی زندگی کے سچ بولنے کے واقعات سنے جائیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کی صداقت وامانت کے بارے میں جماعت میں مذاکرہ کیا جائے۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے حسنِ معاملات کے بارے میں جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔ | • صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کی صداقت وامانت اور حسنِ معاملات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے حسنِ اخلاق کو جان کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کی صداقت وامانت کے اثرات جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کی سیرت پر عمل کر کے خود بھی سچے اور سچ کا ساتھ دینے والے بن سکیں۔<br>• آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی سیرت و کردار کی پیروی روزمرہ زندگی میں کر سکیں اور دنیا وآخرت میں کامیاب ہو سکیں۔ | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کی صداقت وامانت اور حسنِ معاملات | ب |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ج | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی رواداری اور صبر وتحمل | • رواداری کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• رواداری کے حوالے سے نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی تعلیمات جان لیں۔<br>• رواداری جیسی عظیم قدر کو اپنی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• صبر وتحمل کا معنی ومفہوم جان سکیں اور اس حوالے سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کے اسوہ حسنہ کو جان سکیں۔<br>• پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی سیرت کے مطابق اپنی زندگی میں رواداری اور صبر وتحمل سے کام لیں۔ | • رواداری کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی رواداری کے سلسلے میں چند واقعات ذہن نشین کرائیں۔<br>• جماعت میں باہمی بات چیت کروائی جائے کہ موجودہ دور میں کیسے رواداری اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا جاسکتا ہے۔ |

## 4۔ اخلاق وآداب

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | سچ کی اہمیت | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• سچ کے بارے میں قرآن وسنت کی تعلیمات جان سکیں۔<br>• سچائی کی اہمیت جان سکیں اور سچ کے فوائد اور جھوٹ کے نقصانات جان سکیں۔<br>• اپنے ہر معاملے میں جھوٹ سے اجتناب اور سچائی کو اپنا کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔ | • سچ کے فوائد پر طلبہ آپس میں گفتگو کریں۔<br>• اپنے روزمرہ کے معمولات میں سچ بولنے سے حاصل ہونے والے فوائد اور جھوٹ کے نقصانات اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔ |
| ب | گفتگو کے آداب | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• خوش کلامی کی اہمیت سمجھ لیں۔<br>• نرم کلامی سے حاصل ہونے والے فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• گفتگو کے آداب کو روزمرہ زندگی میں اپنا سکیں۔<br>• غیبت، چغل خوری اور برے القاب والفاظ (گالم گلوچ وغیرہ) سے اجتناب کرتے ہوئے اچھے الفاظ اور لب ولہجے کی اہمیت سمجھتے ہوئے گفتگو کر سکیں۔ | • طلبہ گفتگو کے آداب پر چارٹ تیار کریں۔<br>• اپنی گفتگو کا مشاہدہ کریں اور اس میں خیال رکھے جانے والے آداب کی فہرست بنائیں۔<br>• پاکیزہ آدابِ گفتگو کو مدِنظر رکھتے ہوئے مکالمہ/ خاکہ کا اہتمام کیا جائے۔ |

## 5۔ حسنِ معاملات و معاشرت

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | باہمی تعلقات | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• حقوق العباد کا مفہوم اور اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• والدین اور اساتذہ کرام کے ساتھ حُسنِ سلوک سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• بہن بھائیوں سے تعلقات اور حُسنِ سلوک کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔<br>• رشتہ داروں سے حسنِ سلوک سے روشناس ہو سکیں۔<br>• آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ گھر، سفر، سکول اور محلے میں اچھے تعلقات رکھ سکیں۔<br>• پڑوسیوں اور ساتھیوں کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کر سکیں۔<br>• خواتین کے احترام کو سمجھ کر اس پر عمل کر سکیں۔ | • آپس میں حسن معاملات سے متعلقہ امور کی فہرست بنوائی جائے۔<br>• حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم تَهَادُوا تَحَابُّوا (آپس میں تحفہ دیا کرو اس سے محبت بڑھے گی) کے مطابق ایک دوسرے کو تحائف دینے کی ترغیب کی سرگرمی کا اہتمام کیا جائے۔<br>• باہمی تعلقات خراب کرنے والے اُمور کی مثبت انداز میں نشان دہی کروائیں۔ |

## 6۔ ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | حضرت آدم علیہ السلام | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• جان سکیں کہ حضرت آدم علیہ السلام سب سے پہلے انسان اور نبی ہیں اور انسانوں کا سلسلہ ان سے چلا۔<br>• حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق، حالاتِ زندگی اور دعا کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت آدم علیہ السلام کی زندگی سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ | • حضرت آدم علیہ السلام کے حالاتِ زندگی کے اہم واقعات پر بات چیت کروائی جائے۔<br>• حضرت آدم علیہ السلام کی دعا کے پسِ منظر پر روشنی ڈالی جائے۔ |
| ب | حضرت نوح علیہ السلام | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• حضرت نوح علیہ السلام کے حالاتِ زندگی بالخصوص کشتی والے واقعے سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• حضرت نوح علیہ السلام کی زندگی کے اہم واقعات سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ | • حضرت نوح علیہ السلام کے حالاتِ زندگی کے اہم واقعات پر بات چیت کروائی جائے۔ |

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان اور خدمات کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرایا جائے۔ | • حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاندان اور حالاتِ زندگی کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبولِ اسلام اور صدیق کا لقب حاصل ہونے کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دینِ اسلام کے لیے خدمات سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ | خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ج |

## 7۔اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • طلبہ کو حفظان صحت کے اصولوں پر مبنی کوئی دستاویزی فلم دکھائیں تاکہ وہ جان سکیں کہ اپنی صحت کا خیال کیسے رکھ سکتے ہیں۔<br>• مختلف جماعتوں کے درمیان مقابلۂ صفائی منعقد کیا جائے۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• حفظانِ صحت کی اہمیت اور اصولوں کو جان سکیں۔<br>• ذاتی صفائی کا اہتمام کر سکیں۔<br>• حفظانِ صحت کے اصولوں پر عمل کر کے بیماریوں سے بچ سکیں اور تندرست رہ سکیں۔ | صحت وتندرستی | ا |

موضوعات و ذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے

# جماعت چہارم

## 1۔ قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | ناظرہ قرآن | • قران مجید کے پارہ ۹ تا ۱۸ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔ | • طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔ |
| ب | حفظِ قرآن | • سورۃ الماعون، سورۃ الکافرون اور سورۃ اللھب کو حفظ کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی سورتوں کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کر سکیں اور انھیں نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔ | • مقابلہ حسن قرأت کرایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ |
| ج | حفظ و ترجمہ | • سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمُ<br>• سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ<br>• رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ<br>• سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی<br>• ان کلمات کو یاد کر سکیں اور ان کے معنی و مفہوم کو جان کر انھیں اپنی نمازوں میں پڑھ سکیں۔<br>• سورۃ الکوثر کا ترجمہ یاد کر سکیں۔ | • نماز میں پڑھے جانے والے تمام عربی کلمات کا چارٹ کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| د | حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | • پانچ مختصر صحیح احادیث (بمطابق ضمیمہ) سمجھ سکیں۔<br>• اپنی زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | • حدیث کو سمجھ کر اس پر عمل کو اپنا معمول بنائیں۔ |
| ہ | دعائیں (زبانی) | • بیت الخلا میں داخل ہونے کی دعا<br>اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ<br>(اے اللہ بے شک میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں شریر جنوں اور جنیوں سے)<br>• بیت الخلا سے باہر نکلنے کی دعا غُفْرَانَكَ<br>(اے اللہ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں) | • دعاؤں کو یاد کریں اور روزانہ ان کو پڑھنے کا معمول بنائیں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| | | • سونے کی دعا :<br>اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰ<br>(اے اللہ تیرے نام کے ساتھ میں مرتا ہوں اور جیتا ہوں)<br>• جاگنے کی دعا :<br>اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ<br>(تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں موت دینے کے بعد زندگی بخشی اور اسی کی طرف اُٹھ کر جانا ہے)<br>• مسجد میں داخل ہونے کی دعا:<br>اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ<br>(اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے)<br>• مسجد سے باہر نکلنے کی دعا:<br>اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ<br>(اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں)<br>ان دعاؤں کو زبانی یاد کر کے اپنی روز مرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہوسکیں۔<br>(عربی متن افضل ہے مگر مفہوم بھی یاد کیا جاسکتا ہے)۔ | • دعاؤں کا چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ |

## 2۔ ایمانیات وعبادات

### ا۔ایمانیات

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | فرشتوں پر ایمان | • تمام فرشتوں پر ایمان لانے کے حکم سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• مشہور فرشتوں کے نام جان سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی طرف سے تفویض کردہ مشہور فرشتوں کی ذمہ داریوں سے آگاہ ہوسکیں۔ | • ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔<br>• کائنات میں سے ایسی نشانیوں کی فہرست بنائیں جس میں فرشتوں کی خدمات کا اظہار ہوتا ہو۔ |
| ب | آسمانی کتابوں پر ایمان | • آسمانی کتابوں پر ایمان کے حکم سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• آسمانی کتابوں کے نام جان سکیں اور جن نبیوں پر آسمانی کتب اور صحائف نازل ہوئے ہیں ان کے اسمائے گرامی سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• آسمانی کتابوں میں سے قرآن مجید کی فضیلت اور انسانی زندگی میں اس کی اہمیت جان سکیں۔ | • آسمانی کتابوں کے نام مع انبیاء کرام علیہم السلام کے نام کا ایک چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ |

## ب: عبادات

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | روزہ(صوم) | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• روزے(صوم)کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• روزے(صوم)کی فرضیت، اہمیت وفضیلت اوراحکام جان سکیں۔<br>• روزے(صوم)کے حقیقی مقاصد اور فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• رمضان المبارک میں عبادت کرنے کی ترغیب حاصل کر سکیں۔<br>• رمضان المبارک میں اعتکاف اور شب قدر کی اہمیت جان سکیں۔ | • ماہِ رمضان میں روزے(صوم)کی اہمیت وفضیلت کے حوالے سے اسمبلی میں بچوں کو آگاہ کیا جائے۔ |
| ب | حقوق اللہ | • اللہ تعالیٰ کو خالق، مالک، رازق اور معبود سمجھتے ہوئے اس کے حقوق جان سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو پہچان کر ان کا شکر ادا کرنے اور تکلیف اور مصیبت میں صبر واستقامت اور توکّل کرنے والے بن سکیں۔<br>• دعا کی اہمیت جان کر عملی زندگی میں اس کے عادی ہو سکیں۔ | • طلبہ اللہ تعالیٰ کی چند نعمتوں کی فہرست بنائیں اور اس بات کا جائزہ لیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں مثلاً جسمانی اعضا کا شکر ادا کرتے اور مصیبت میں صبر کرتے ہیں یا نہیں۔ |
| ج | تلاوتِ قرآن مجید | • آخری الہامی کتاب کے طور پر قرآن مجید کا تعارف جان سکیں۔<br>• دنیاوآخرت میں کامیابی کے لیے قرآن مجید کی اہمیت، عظمت اور فضائل جان سکیں۔<br>• تلاوت کے احکام وآداب سے آگاہ ہو سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔<br>• مسلمانوں پر قرآن کے حقوق سے واقف ہو سکیں۔ | • قرآن مجید کی تلاوت کے آداب پر مشتمل چارٹ جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• ''فضائل قرآن'' کے عنوان کے تحت طلبہ کے درمیان مضمون نویسی کا مقابلہ کروایا جائے۔ |

## 3۔ سیرتِ طیّبہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | نزولِ وحی کا واقعہ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• غارِ حرا میں پہلی وحی کے نزول کے واقعہ کے متعلق جان سکیں۔<br>• نزولِ وحی کے بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کردار کو جان سکیں۔<br>• پہلی وحی کے بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنھا کے کلمات کی روشنی میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کی عظمتِ کردار (صلہ رحمی، مصیبت زدوں کا بوجھ اٹھانے والے، ناداروں کی مدد کرنے والے، مہمان نواز، آفتوں میں دوسروں کے کام آنے والے) سے روشناس ہوسکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے کردار کے متذکرہ پہلوؤں کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔<br>• سورۃ العلق کی ابتدائی آیات کی روشنی میں علم کی اہمیت کو جان سکیں۔ | • سورۃ العلق کی ابتدائی پانچ آیات کی تلاوت کا مقابلہ کرائیں ۔<br>• علم کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں آیات واحادیث کا چارٹ بناکر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| ب | دعوت وتبلیغ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• دینِ اسلام کی تبلیغ کا مفہوم، ضرورت اور اہمیت جان سکیں۔<br>• نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کی دعوت اسلام کے آغاز میں اندازِ تبلیغ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• سب سے پہلے ایمان قبول کرنے والوں کے ناموں سے آگاہ ہوسکیں ۔<br>• اسلام کی دعوت کے دوران قریش مکہ کی مخالفت اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم پر کیے گئے مظالم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی ثابت قدمی کے بارے میں آگاہ ہوسکیں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کر سکیں۔<br>• اسلام کے آغاز میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی مشکلات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے خاتم النبیّین ہونے کی وجہ سے امت پر دعوت وتبلیغ کی ذمہ داری کو سمجھ سکیں۔ | • طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کے مقابلے منعقد کیے جائیں۔<br>• سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والی ہستیوں کی فہرست بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ج | ہجرتِ حبشہ (اولیٰ وثانیہ) | • ہجرت کا مفہوم سمجھ سکیں اور ہجرتِ حبشہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• مکہ میں اسلام کے ابتدائی سالوں میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین کی مشکلات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حبشہ کے بادشاہ نجاشی کی شخصیت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• نجاشی کے دربار میں حضرت جعفر طیّار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقریر کے اہم نکات جان سکیں۔ | • ہجرت حبشہ کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائیں۔ |
| د | شعبِ ابی طالب | • شعبِ ابی طالب کا تعارف حاصل کر سکیں۔<br>• شعبِ ابی طالب میں حضرت ابو طالب کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• شعبِ ابی طالب میں محصورین کی مشکلات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• محصورین کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد سے آگاہ ہو سکیں۔ | • جزیرہ نما عرب کے نقشے کی مدد سے مختلف مقامات (مکہ مکرمہ، حبشہ، طائف، شعب ابی طالب) کی نشاندہی کریں۔ |
| و | عام الحزن | • عام الحزن کا معنی و مفہوم بیان کر سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی زندگی میں حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کے کردار سے واقف ہو سکیں۔ | • حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کی اولاد کے ناموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔ |
| ہ | سفر طائف | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کے سفر طائف کا مقصد اور طائف کے سرداروں کے رویّے کے بارے میں جان سکیں۔<br>• سفر طائف کے واقعات پڑھ کر حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کے صبر و تحمل اور برداشت کے بارے میں جان کر اس وصف کو اپنا سکیں۔ | |

## 4۔ اخلاق وآداب

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | سادگی | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• سادگی کا مطلب اور مفہوم سمجھ سکیں۔<br>• سادگی اور بناوٹ وتکلف میں فرق سمجھ سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی زندگی میں سادگی کی مثالوں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• سادگی کے فوائد وثمرات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• عملی زندگی میں سادگی اپنا سکیں اور نمود و نمائش سے دور رہ سکیں۔ | • کسی بھی تقریب کا مشاہدہ کر کے ساتھیوں کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں کہ اس میں سادگی کا اہتمام کیا گیا ہے یا نہیں۔<br>• سادگی کے فوائد اور نمود و نمائش کے نقصانات پر مکالمہ کرایا جائے۔ |
| ب | آدابِ مجلس | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• مجلس کا مفہوم جان سکیں۔<br>• مجلس کے آداب سمجھ سکیں۔<br>• سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی روشنی میں آدابِ مجلس کے واقعات جان سکیں۔<br>• مجلس کے مقاصد اور ان کی اقسام (دینی، خوشی، غمی وغیرہ) کے پیشِ نظر ان میں شرکت کر سکیں۔ | • اسکولوں اور باہر مختلف مجالس کا مشاہدہ کریں اور ان کی فہرست مرتب کریں کہ وہاں کن آداب کا خیال رکھا گیا ہے اور کون سی باتوں کا خیال نہیں رکھا گیا۔ |
| ج | وقت کی پابندی | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• وقت کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• نظامِ فطرت سے وقت کی پابندی کے اصول سیکھ سکیں۔<br>• اسلامی عبادات سے وقت کی پابندی کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• اپنی جماعت اور دیگر زندگی کے معاملات میں نظام الاوقات پر عمل کر سکیں۔<br>• عملی زندگی میں وقت کی پابندی کے فائدے جان کر ان پر عمل کر سکیں۔ | • طلبہ سے دن بھر کی سرگرمیوں بشمول نماز اور تلاوت کے نظام الاوقات پر مبنی جدول بنوایا جائے ۔<br>• طلبہ اپنے ایک دن کا جائزہ لیں اور اپنے ساتھیوں کو بتائیں کہ وقت کی پابندی کا کیا فائدہ ہوا اور وقت کی پابندی نہ کرنے پر کیا نقصان اٹھانا پڑا۔ |

## 5۔ حسنِ معاشرت و معاملات

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • طلبہ ایسے کاموں کی فہرست بنائیں جو وہ اپنی عملی زندگی اور کھیل کود وغیرہ میں دیانتداری سے سرانجام دیتے ہیں اور اس کے متعلق ساتھیوں کے ساتھ تبادلہ خیالات کریں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• دیانت داری کا مفہوم سمجھ سکیں۔<br>• تمام معاملات میں دیانت داری کی ضرورت واہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• دیانت داری اور بد دیانتی میں فرق کرسکیں۔<br>• دیانت داری کے معاشرتی اور معاشی ثمرات سے آگاہ ہوکر دیانت داری کے اصولوں پر عمل پیرا ہوسکیں۔<br>• سیرت طیبہ کی روشنی میں دیانت داری کی مثالیں جان سکیں۔ | دیانت داری | ا |
| • طلبہ کو کسی رفاہی ادارے کا دورہ کرایا جائے تاکہ وہ وہاں رہنے والے لوگوں کے خیالات جان سکیں۔<br>• خدمت خلق کے بارے میں کوئی خاکہ مرتب کروایا جائے۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• خدمت خلق کا مفہوم سمجھ سکیں۔<br>• خدمت خلق کی ضرورت واہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں خدمتِ خلق کی مختلف صورتوں کے متعلق آگاہ ہوسکیں۔<br>• سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم میں خدمتِ خلق کے واقعات جان سکیں۔<br>• دورِ حاضر کے مسائل کا ادراک کرتے ہوئے خدمتِ خلق کے لیے اپنے آپ کو تیار کرسکیں۔<br>• عملی زندگی میں خدمت خلق کی صفت کو اپنا سکیں۔ | حقوق العباد<br>خدمت خلق | الف<br>ا |
| • ایک ذمہ دار شہری ہونے کی حیثیت سے طلبہ اپنے ارد گرد کے ماحول کا مشاہدہ کریں اور وطن سے محبت کے سلسلے میں اپنی اپنی رائے کا اظہار کریں کہ کس طرح اپنے وطن کی خدمت کی جاسکتی ہے۔<br>• ان چیزوں اور اعمال کی نشاندہی کریں جن سے وطن کی محبت کا اظہار کیا جاسکتا ہے۔<br>• ایک ذمہ دار شہری کی خصوصیات چارٹ پر لکھ کر جماعت میں آویزاں کریں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• وطن کے معنی اور مفہوم سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• وطن کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں اور وطن کی قدر کرنا سیکھ سکیں۔<br>• ہم وطنوں کے ساتھ ہر قسم کی تفریق سے بالاتر ہوکر مثبت تعلقات رکھ سکیں۔<br>• اپنے آپ کو ملکی سلامتی اور ترقی کے لیے تیار کرسکیں۔<br>• اسلامی جمہوریہ پاکستان سے عملی طور پر محبت کرسکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں جذبہ حب الوطنی کے ساتھ ایک ذمہ دار شہری کی خصوصیات اپنا سکیں۔<br>• اچھے شہری کی ملکی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے اس پر عمل کرسکیں۔ | وطن سے محبت<br>(ذمہ دار شہری) | ب |

## 6۔ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | حضرت ابراہیم علیہ السلام | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالاتِ زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تعلیمات سے روشناس ہوسکیں۔<br>• حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالات زندگی سے رہنمائی حاصل کر سکیں اور اپنی عملی زندگی میں ان کی صفات کو اپنا سکیں۔<br>• حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زندگی کے نمایاں واقعات بشمول حج اور عظیم قربانی کے متعلق جان لیں جو آج بھی شعائر اسلام میں سے ہیں۔ | • حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شخصیت کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرایا جائے۔ |
| ب | حضرت موسیٰ علیہ السلام | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تعارف جان سکیں۔<br>• حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے حالات وواقعات سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• فرعون کی نافرمانی اور عبرت ناک انجام کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی سے رہنمائی حاصل کر سکیں اور اپنی عملی زندگی میں ان کی صفات کو اپنا سکیں۔ | حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔ |
| ج | حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ | • خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسلام قبول کرنے کا واقعہ جان سکیں۔<br>• حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فاروق کا لقب ملنے کی وجہ جان سکیں۔<br>• حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بطور خلیفہ راشد خدمات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔ | • حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی اور صفات کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔ |

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کے بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں۔ | • خلیفہ سوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق و عادات اور سخاوت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذوالنورین کا لقب ملنے کی وجہ جان سکیں۔<br>• اپنی زندگیوں میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت سے رہنمائی حاصل کرسکیں۔<br>• حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمات کے بارے میں جان سکیں۔ | حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ | د |

## 7۔اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • اپنے سکول میں ہفتہ وار صفائی مہم کا اہتمام کریں۔<br>• روزانہ کی بنیاد پر اپنے کمرۂ جماعت کی صفائی کا اہتمام کیا جائے<br>• اپنے ارد گرد کے ماحول کو صاف رکھنے کی ترغیب پیدا کریں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• صفائی کی ضرورت واہمیت کو جان سکیں۔<br>• اپنے ماحول میں صفائی کے مسائل سے آگاہی حاصل کرسکیں۔<br>• اپنے ارد گرد کے ماحول کو صاف رکھنے میں بطور مسلمان اپنا کردار ادا کرسکیں۔<br>• اپنی عملی زندگی میں صفائی کے فوائد واثرات سے آگاہ ہوسکیں اور اس کا اہتمام کرسکیں۔ | صفائی کی ضرورت واہمیت | ا |
| • طلبہ ''پانی بچاؤ مہم'' میں بھرپور حصہ لیں۔<br>• دور حاضر میں پانی اور توانائی کے دیگر وسائل کو بچانے کے طریقوں کی ایک فہرست بنا کر جماعت میں اس کا تذکرہ کریں<br>• پانی کی حفاظت کے متعلق طلبہ کو کوئی دستاویزی فلم دکھائی جائے۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• پانی کی اہمیت اور اس کے استعمال سے متعلق آگاہ ہوسکیں۔<br>• عصرِ حاضر میں پانی کے مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کرسکیں۔<br>• پانی کی ضیاع سے بچنے کے حوالے سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلّم کی سیرت سے رہنمائی حاصل کرسکیں۔ | پانی کی اہمیت | ب |

موضوعات وذیلی موضوعات، حاصلاتِ تعلّم اور مجوزہ سرگرمیاں برائے

# جماعت پنجم

## 1۔ قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | ناظرہ قرآن | • قران مجید کے پارہ ۱۹ تا ۳۰ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کرسکیں۔<br>• دورانِ تلاوت مخارج اور رموز اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔ | • طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔<br>• مقابلہ حسن قرأت کرایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ |
| ب | حفظِ قرآن | • آیۃ الکرسی، سورۃ قریش اور سورۃ الفیل کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کرسکیں۔<br>• ان سورتوں کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔<br>• آیۃ الکرسی کی اہمیت وفضیلت جان سکیں۔ | |
| ج | حفظ وترجمہ | • سورۃ الفاتحہ، التحیات، درودِ ابراہیمی اور دعائے قنوت مع ترجمہ حفظ کرسکیں۔<br>• رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنيا حَسَنَةً وَ فِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَ قِنا عَذابَ النَّارِ ○<br>(اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچا)<br>• رَبِّ اجْعَلْنِىْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْلِىْ وَلِوَالِدَىَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○<br>(اے میرے رب مجھے نماز کو قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد کو بھی، اے ہمارے رب اور میری دعا قبول فرما، اے ہمارے رب میری بخشش فرما اور میرے والدین کی اور مؤمنین کی جس دن حساب قائم ہو)<br>• سبق میں شامل مسنون دعاؤں اور سورتوں کے معانی ومفاہیم کو جان سکیں اور ان دعاؤں کو اپنی روزمرہ زندگی، بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔ | • آیۃ الکرسی، درود ابراہیمی اور احادیث ودعاؤں مع فضائل کے چارٹ بنا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کئے جائیں۔ |
| د | حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | • چھ مختصر صحیح احادیث (بمطابق ضمیمہ) سمجھ سکیں۔<br>• اپنی زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کرسکیں۔ | • حدیث کو سمجھ کر اس پر عمل کو اپنا معمول بنائیں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
| --- | --- | --- | --- |
| ہ | دعائیں (زبانی) | • گھر داخل ہوتے وقت کی دعا:<br>اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ خَیْرَالْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا<br>(اے اللہ بے شک میں تجھ سے مانگتا ہوں داخل ہونے کی بھلائی اور نکلنے کی بھلائی، اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوئے اور اللہ کے نام کے ساتھ ہم نکلے اور اللہ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا جو ہمارا رب ہے)<br>• گھر سے نکلنے کی دعا:<br>بِسْمِ اللّٰہِ،تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ<br>(اللہ کے نام کے ساتھ، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، برائی سے بچنے کی قوت اور نیکی کرنے کی طاقت صرف اللہ کی توفیق سے ہے)<br>• سفر کی دعا:<br>سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ ○ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ○<br>( پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لئے مسخر کیا اور ہم اس کو قابو نہیں کر سکتے تھے اور بے شک ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں )<br>• ان دعاؤں کو سمجھ کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔<br>(عربی متن افضل ہے مگر مفہوم بھی یاد کیا جا سکتا ہے)۔ | • دعاؤں کو یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔ |

## 2۔ایمانیات و عبادات

### الف: ایمانیات

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
| --- | --- | --- | --- |
| ا | آخرت | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• عقیدہ آخرت کے معنی و مفہوم کو سمجھ سکیں۔<br>• عقیدہ آخرت کی اہمیت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• آخرت اور قیامت کے تصور کو سمجھ کر دنیا اور آخرت کا باہمی تعلق سمجھ سکیں۔<br>• عقیدہ آخرت کے اثرات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• آخرت میں جوابدہی کا احساس اپناتے ہوئے نیک عمل کرنے کی طرف راغب ہو سکیں۔ | • طلبہ کے درمیان ایسا مذاکرہ کرایا جائے جس میں دنیا اور آخرت کی زندگی کا فرق مثالوں سے واضح ہو۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ب | ختمِ نبوت اور اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• عقیدہ ختمِ نبوت کے معنی و مفہوم اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کو ہمیشہ کے لیے آخری نبی اور رسول جانتے اور مانتے ہوئے یہ سمجھ لیں کہ آپ صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول مبعوث نہیں ہو گا۔<br>• اطاعتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم اور سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے مفہوم سے واقف ہو جائیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کے احکامات کی عملی صورت کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کے اسوہ حسنہ کی مثالوں سے سمجھ سکیں۔<br>• سنتِ نبوی کی اہمیت اور شرعی حیثیت کو جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔ | • اطاعتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم اور سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کے موضوع پر طلبہ کے درمیان ایک مذاکرہ کا اہتمام کیا جائے۔<br>• طلبہ اپنے روزمرہ معاملات کا جائزہ لیں کہ وہ کون کون سی سنت پر عمل کرتے ہیں۔ فہرست بنائیں۔ |

## ب: عبادات

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | زکوٰۃ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• زکوٰۃ کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• زکوٰۃ کی اہمیت اور فضیلت کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• زکوٰۃ کی فرضیت واحکام سے واقف ہو سکیں۔<br>• اسلامی نظام معیشت میں زکوٰۃ کی اہمیت کو اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• زکوٰۃ کے معاشرے پر اثرات سمجھ سکیں۔ | • تمام مصارف زکوٰۃ کا چارٹ بنایا جائے۔<br>• طلبہ اپنے جیب خرچ میں سے کچھ پیسے بچا کر جمع کریں اور اس سے غریب طلبہ کی مدد کریں تاکہ ان میں انفاق فی سبیل اللہ کی عادت پیدا ہو سکے۔ |

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • جمعہ کے دن کے مسنون کاموں کی فہرست بنائیں۔<br>• نمازِ جمعہ میں شریک ہو کر مشاہدہ کریں کہ اس سے کس قسم کے معاشرتی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• یوم جمعہ اور نماز جمعہ کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• نماز جمعہ اور جمعہ کے دن کے فضائل سے واقف ہوسکیں۔<br>• نماز جمعہ کے احکام وآداب جان سکیں۔<br>• نماز جمعہ سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• اتحاد و یکجہتی کے حوالے سے جمعہ کی اہمیت کو جان سکیں۔ | جمعۃ المبارک کی فضیلت | ب |
| • طلبہ سے عیدین کے اثرات اور مصروفیات کے بارے میں رپورٹ لکھوائی جائے۔<br>• پاکستان میں جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کیسے منایا جاتا ہے طلبہ جماعت میں مذاکرہ کریں۔<br>• دیگر ممالک میں عیدین کے تہوار کیسے منائے جاتے ہیں طلبہ جماعت میں مذاکرہ کریں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• عیدین کا تعارف واہمیت جان سکیں۔<br>• عیدین کی نماز کے احکام وآداب جان سکیں۔<br>• فطرانہ وقربانی کی روح سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• عیدین سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• عیدین کو اسلامی تہوار کی اصل روح کے مطابق مناسکیں۔ | عیدین | ج |

## 3۔ سیرتِ طیّبہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | معراج النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | قرآن وسنت کی روشنی میں :<br>• اسراء اور معراج کا معنی ومفہوم سمجھ سکیں۔<br>• سفر معراج کے واقعہ سے اجمالی طور پر آگاہ ہوسکیں۔<br>• مسجدِ اقصیٰ میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی امامت انبیائے کرام علیہم السلام کے بارے میں جان سکیں۔<br>• بیت المعمور، سدرۃ المنتہیٰ اورعرش معلّیٰ کا مطلب سمجھ سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کے عظیم معجزہ معراج اور اس کے اثرات سے آگاہ ہوسکیں۔ | • معراج کے سفر کے دوران حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم جن مقامات پر تشریف لے گئے اور جن انبیائے کرام علیہم السلام سے ملاقات ہوئی ان کی فہرست تیار کریں۔<br>• طلبہ سیرت کی کسی کتاب سے سفرِمعراج کے متعلق پڑھ کر کوئی واقعہ بیان کریں۔<br>• مسجد اقصیٰ کی تصاویر یا دستاویزی فلم دکھائی جائے۔ |
| ب | بیعت عقبہ اولیٰ وثانیہ | • بیعت عقبہ اولیٰ وثانیہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• بیعت عقبہ کی شرائط سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• فروغ اسلام میں بیعت عقبہ کے دور رس نتائج جان سکیں۔ | • بیعت عقبہ کی شرائط کے متعلق طلبہ کے درمیان گفتگو کرائی جائے۔<br>• بیعت عقبہ میں شامل صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ناموں کا چارٹ بنائیں۔ |
| ج | ہجرتِ مدینہ | • ہجرت کا معنی ومفہوم سمجھ سکیں۔<br>• ہجرتِ مدینہ کے تناظر میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کردار اور امانتوں کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• ہجرتِ مدینہ منورہ کے واقعات، اسباب اور نتائج مختصر طور پر جان سکیں۔<br>• ہجرت مدینہ منورہ کے حوالے سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کردار کے متعلق جان سکیں۔<br>• دعوت دین میں حکمت ودانائی کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔ | • ہجرت کی اہمیت وفضیلت کے بارے میں ایک سیر حاصل گفتگو کریں۔<br>• اسلامی مہینوں کے ناموں کا ایک چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• طلبہ کو آگاہ کیا جائے کہ ہجرت مدینہ منورہ کی اسلامی تاریخ میں کیا اہمیت ہے اور ہجری کلینڈر کا آغاز ہجرت مدینہ منورہ سے ہوا۔<br>• سفرِ ہجرت کا نقشہ بنائیں۔ |

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • آج کے دور میں مؤاخات کی ممکنہ صورتوں پر گفتگو کریں۔ | • مؤاخاتِ مدینہ کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• مؤاخاتِ مدینہ کے تناظر میں اخوّت اور بھائی چارہ کے تصور کو سمجھ سکیں۔<br>• مہاجرین اور انصار کے بارے میں جان سکیں اور مؤاخاتِ مدینہ کی ہمیشہ کے لیے اہمیت کو جان سکیں۔<br>• معاشرے میں مؤاخات اور بھائی چارہ کے فوائد اور اس سے مرتب ہونے والے اثرات سے آگاہ ہو سکیں۔ | مؤاخاتِ مدینہ | د |
| • سمعی و بصری معاونت سے طلبہ کو مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی تعمیر اور توسیع کے بارے میں بتایا جائے۔<br>• مختلف ادوار میں مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کے خاکے اور تصاویر دکھائے جائیں۔ | • مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم سے متعارف ہو سکیں۔<br>• مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی تعمیر کے متعلق جان سکیں۔<br>• مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی تعلیمی و معاشرتی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• روضۂ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کے حوالے سے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی اہمیت جان سکیں۔<br>• مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی فضیلت اور تاریخی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔ | مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم | ہ |
| • موجودہ دور میں میثاقِ مدینہ کی روشنی میں اتحاد و اتفاق کی ضرورت پر مذاکرہ کرائیں۔ | • میثاقِ مدینہ سے متعارف ہو سکیں۔<br>• میثاقِ مدینہ کی نمایاں دفعات اور پس منظر سے واقف ہو سکیں۔<br>• میثاقِ مدینہ کی اہمیت اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد کو جان سکیں۔ | میثاقِ مدینہ | و |
| • جزیرہ عرب کے نقشے کی مدد سے مذکورہ غزوات کا زمانی ترتیب کی روشنی میں چارٹ بنائیں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• جہاد کا حقیقی تعارف جان سکیں۔<br>• غزوہ اور سریہ کے معنی ومفہوم اور فرق جان سکیں۔<br>• غزوات کی ضرورت واہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• غزوہ بدر، احد اور خندق کے اسباب اور واقعات کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• غزوات کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد و اثرات کو جان سکیں۔ | غزوات | ز |

## 4۔ اخلاق و آداب

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | رواداری | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• رواداری کے معنی ومفہوم سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• سماجی ہم آہنگی میں رواداری کی اہمیت سے واقف ہوسکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات اور اسوۂ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کی روشنی میں گروہی ، مذہبی ، مسلکی ، علاقائی اور لسانی عدم برداشت سے اجتناب کرسکیں۔<br>• رواداری کے معاشرتی فوائد واثرات جان سکیں۔ | • رواداری اور برداشت کے متعلق تقریری مقابلے کا انعقاد کیا جائے یا خاکہ پیش کیا جائے۔ |
| ب | عفو و درگزر اور رحمدلی | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• عفو و درگذر اور رحم دلی کے معانی و مفاہیم جان سکیں۔<br>• عفو و درگزر اور رحم دلی کی اہمیت جان سکیں۔<br>• سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کی روشنی میں عفو و درگزر اور رحمدلی کے واقعات جان سکیں۔<br>• عفو و درگزر اور رحم دلی کے معاشرتی فوائد جانتے ہوئے روزمرہ زندگی میں ان صفات کو اپنا سکیں۔ | • طلبہ اپنے رویے کا جائزہ لیں کہ اگر ان سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے تو کیا وہ اپنے دوست یا بہن بھائی سے معذرت کرتے ہیں۔ اس سے متعلق ایک خاکہ مرتب کیا جائے۔ |
| ج | کفایت شعاری | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• کفایت شعاری کا مفہوم جان سکیں۔<br>• کفایت شعاری اور بخل میں فرق کر سکیں۔<br>• کفایت شعاری کی اہمیت سے واقف ہوسکیں۔<br>• اسراف کے نقصانات اور کفایت شعاری کے ذاتی و معاشرتی فوائد و ثمرات سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• سیرتِ نبوی کی روشنی میں کفایت شعاری کے واقعات جان سکیں۔<br>• دنیا اور آخرت میں کامیابی کے لیے کفایت شعاری کی اہمیت سے روشناس ہوسکیں اور اپنی ذاتی زندگیوں میں کفایت شعاری کا رویہ اپنا سکیں۔ | • بچت کا شعور اجاگر کرنے کے لئے طلبہ اپنے جیب خرچ اور بچت پر مشتمل گوشوارہ بنائیں۔<br>• طلبہ ان کاموں کی فہرست بنائیں جہاں جہاں کفایت شعاری سے کام لیا جا سکتا ہے مثال کے طور پر بجلی، پانی اور گیس وغیرہ کے استعمال میں۔ |

## 5۔ اہلیت۔ حسنِ معاملات و معاشرت

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • طلبہ وعدہ پورا کرنے کے بارے میں اظہار خیال کریں اور وعدہ پورا کرنے کی عادت کو اپنانے کا مصمم ارادہ کریں۔<br>• طلبہ ایفائے عہد کے متعلق اپنے ذاتی تجربات سے اپنے ہم جماعت طلبہ کو آگاہ کریں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• ایفائے عہد کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• ایفائے عہد کی اہمیت وفضیلت سمجھ سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کے اسوۂ حسنہ اور سیرتِ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ایفائے عہد کی مثالیں جان سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں ایفائے عہد کی صفت کو اپنا سکیں۔<br>• ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات جان سکیں۔ | ایفائے عہد | ا |
| • طلبہ کے درمیان اخوت کے عنوان پر پوسٹر بنانے کا مقابلہ کرایا جائے تاکہ ان میں اخوت اور بھائی چارے کا جذبہ پیدا ہو اور وہ رنگ ونسل، زبان اور فرقہ پرستی کو بھلا کر آپس میں پیار ومحبت سے مل جل کر رہیں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• اسلامی اخوت کے معنی ومفہوم کو جان سکیں۔<br>• اسلامی اخوت کی اہمیت کو جان سکیں۔<br>• اسلامی اخوت کے فوائد سے آگاہ ہو سکیں اور روزمرہ زندگی میں اخوت وبھائی چارہ کی فضا قائم کر سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم کے اسوۂ حسنہ اور سیرتِ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے اخوت کے واقعات جان سکیں۔ | اسلامی اخوت | ب |
| | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• چغل خوری کے معنی ومفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>• چغل خوری کے متعلق وعید جان سکیں۔<br>• چغل خوری کے انفرادی اور اجتماعی نقصانات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنے آپ کو چغل خوری سے بچا سکیں۔ | بری عادات سے اجتناب (چغل خوری) | ج |

## 6۔ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | حضرت داوٗدعلیہ السلام | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• حضرت داوٗدعلیہ السلام کی زندگی کے چند واقعات جان سکیں۔<br>• حضرت داوٗدعلیہ السلام کے معجزات اورخوش الحانی سے آ گاہ ہوسکیں۔<br>• حضرت داوٗدعلیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب کے بارے میں جان سکیں ۔<br>• حضرت داوٗدعلیہ السلام کی حکومت اورسلطنت کے بارے میں جان سکیں ۔ | • جن علاقوں میں حضرت داوٗدعلیہ السلام کی حکومت تھی ان علاقوں کا چارٹ بنا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• حضرت داوٗدعلیہ السلام کی ذاتی خصوصیت (خوش آوازی) کے تناظر میں اساتذہ کرام طلبہ کوحسنِ تلاوت کی ترغیب دیں۔ |
| ب | حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی ولادت اور پرورش کے واقعات جان سکیں۔<br>• حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعوت و تبلیغ، تعلیمات اور صفات کے بارے میں آگاہ ہوسکیں۔ | • حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں۔ |
| ج | حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• خلیفہ چہارم حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پرورش، حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ نکاح، اولاد اور حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>• آیت مباہلہ کے تناظر میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام ومرتبہ جان سکیں۔<br>• حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت، عدالت، اخلاق وعادات، سخاوت اور علمی فضیلت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• اسلام کے لیے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمات سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت کے واقعات جان سکیں۔<br>• حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صفات جان کر روزمرہ زندگی میں ان کو اپنا سکیں۔ | • حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی، اخلاق، سخاوت، شجاعت اور علمی فضیلت کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ج | صوفیائے کرام | • صوفیائے کرام کی عظمت اور کردار سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ، سید محمد راشد روضہ دھنی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی اور تعلیمات کے متعلق اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• اسلام کی اشاعت بالخصوص برصغیر میں صوفیائے کرام کی خدمات سے آگاہ ہوسکیں اور ان کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔ | • صوفیاء کرام کی چند تعلیمات کا چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ |

## 7۔اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات (Themes and Sub Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|---|
| ا | حادثات سے بچنے کی تدابیر | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• انسانی جان ومال اور عزت کی حفاظت کی ضرورت و اہمیت کو جان سکیں۔<br>• ٹریفک قوانین کی پابندی اور تجاوزات سے اجتناب کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• عصرِ حاضر میں ناگہانی صورتوں میں اپنے تحفّظ کی تدابیر سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی پیروی کرتے ہوئے حادثات کی صورت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | • طلبہ کو ''ابتدائی طبّی امداد'' اور ''حادثات سے بچنے کی تدابیر'' پر مشتمل دستاویزی فلم دکھائی جائے۔<br>• ابتدائی طبّی امداد اور حادثات سے بچنے کی تدابیر پر مشتمل پوسٹر بنوایا جائے۔ |
| ب | پودوں اور درختوں کی اہمیت | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں پودوں اور درختوں کی اہمیت جان سکیں۔<br>• پودوں اور درختوں سے حاصل ہونے والے فوائد کو سمجھ سکیں۔<br>• پودوں اور درختوں کی حفاظت اور استعمال کے حوالے سے اسلامی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔<br>• ماحولیاتی تبدیلی میں پودوں اور درختوں کے کردار کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کا جائزہ لے سکیں۔ | • اپنے سکول اور محلے میں کسی شجر کاری مہم میں حصہ لیں اور اپنے حصے کا پودا لگائیں۔ |

# ہدایاتِ برائے اساتذہ کرام

۱ ناظرہ قرآن مجید اور سورتوں کو یاد کروانے کے لئے طلبہ کو کسی مستند قاری کی آواز میں آڈیو سنائی جائے تاکہ بچے تجوید کا خیال رکھ سکیں۔

۲ روزمرہ کی دعائیں یاد کروائی جائیں اور ان کی اہمیت سے طلبہ کو آگاہ کیا جائے۔

۳ طلبہ کو عقائد و عبادات کی اصل روح سے آگاہ کیا جائے۔

۴ اساتذہ کرام طلبہ کو اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات، عظمت اور کبریائی کی پہچان کروائیں تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور توحید کے تقاضے بتائے جائیں۔

۵ اساتذہ کرام طلبہ کو اپنی زندگی پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلّم کی سنت کے مطابق ڈھالنے کی ترغیب دیں۔

۶ طلبہ کو اللہ تعالیٰ اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلّم سے محبت، انبیاء کرام علیہم السلام، اہلِ بیتِ اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، مشاہیرِ اسلام اور صوفیائے کرام کی دینی تعلیمات کے مطابق زندگی گزارنے کی ترغیب دی جائے۔

۷ اساتذہ کرام طلبہ کو ختم نبوت کے عقیدہ کے بارے میں مکمل طور پر آگاہی دیں۔

۸ واقعات اور روزمرہ کی چھوٹی چھوٹی مثالوں سے طلبہ میں باہمی تعاون اور برداشت کا جذبہ بیدار کریں اور خود بھی اس کا عملی نمونہ پیش کریں۔

۹ اساتذہ کرام طلبہ کو اچھے اخلاق اور معاشرتی زندگی کے آداب سے آگاہی دیں تاکہ وہ معاشرے میں ایک مفید اور کامیاب شہری بن سکے

۱۰ طلبہ کو مستند حوالہ جات اکھٹے کرنے کی تاکید کی جائے۔

۱۱ طلبہ میں نظم و ضبط اور قانون کا احترام جیسی صفات پیدا کرنے کے لیے عملی کوشش کی جائیں۔

۱۲ طلبہ میں عبادات کی اصل روح بیدار کی جائے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق اپنی زندگی گزار سکیں اور اپنی بندگی کا اظہار کرسکیں۔

۱۳ کتاب میں دی گئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق کروائی جائیں۔

۱۴ اساتذہ کرام طلبہ کو حقوق العباد ادا کرنے کی ترغیب دیں اور روزمرہ مثالوں سے سمجھائیں۔

# طریقۂ تدریس

| | |
|---|---|
| ۱. طلبہ سے سوالات پوچھنا | ۲. فکری قوت کا تحرک |
| ۳. جماعتی مباحثہ | ۴. انفرادی یا گروہی سرگرمیاں |
| ۵. مطالعاتی دورہ | ۶. سروے |
| ۷. رول پلے | ۸. پروجیکٹ / ٹیکنالوجی کا استعمال |

# اساتذہ کرام کے لیے اہم سوالات

| |
|---|
| سبق کی بہتر تدریس کے لیے کیا منصوبہ بندی کر لی گئی ہے؟ |
| طلبہ کو کیا علم دینا چاہتے ہیں؟ |
| کن سرگرمیوں کو اختیار کرنے سے تدریسی مقاصد حاصل ہوسکیں گے؟ |
| سرگرمیوں کی پیش رفت کے لیے کیا وسائل درکار ہوں گے؟ |
| کام کا تجزیہ کرنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا جائے کہ ان میں حائل رکاوٹوں کا تدارک کیا جا سکے؟ |
| حاصلاتِ تعلّم کے مطابق طلبہ کی تعلیم و تربیت کا اہتمام کیسے کیا جا سکتا ہے؟ |
| جدید سمعی و بصری معاونات کا استعمال کیوں کر ممد و معاون ثابت ہو سکتا ہے؟ |

# جائزہ اور امتحانات

تدریسی عمل اور اس کی کامیابی کا جائزہ لینا بے حد ضروری ہوتا ہے۔ تمام تدریسی عمل کا جائزہ جزوی اعادہ (Formative Assessment) اور کلی اعادہ (Summative Assessment) بھی ہونا چاہیے۔ جائزہ لیتے ہوئے بچوں کی یادداشت اور معلومات کی صلاحیت کو مدنظر رکھنے کے ساتھ ساتھ تفہیم، اطلاق، تجزیہ، تشکیل اور تشخیص کی صلاحیتوں کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے۔

جائزہ اور امتحانات کا کچھ حصہ زبانی اور زیادہ تحریری ہونا چاہئے، سالانہ امتحانات میں زبانی حصے کے نمبر بھی مخصوص کرنے چاہئیں تاکہ اس کی طرف امتحانی نظر سے بھی بھرپور توجہ رہے۔ زبانی جائزہ میں قرآن مجید کا تلفظ، ادائیگی، لب و لہجہ، روانی اور حسن قرأت کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ نیز اس بات کا بھی خاص خیال رکھا جائے کہ سالانہ اور بورڈ کی سطح کے امتحانات میں بھی زبانی جائزہ شامل رہے۔

معروضی آزمائشوں پر توجہ کے ساتھ ساتھ جائزہ اور امتحانات کا زیادہ تر حصہ انشائی طرز کا ہونا چاہئے۔ جس کے ذریعے بچوں کی تفہیم یعنی سمجھنے کی صلاحیت اور تجزیہ بشمول اطلاقی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مدد ملے اور بچوں کے اندازِ بیان میں ربط و تسلسل پیدا کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو۔

کوشش کرنی چاہئے کہ امتحان اور جائزہ کا عمل محض معلومات کی جانچ کے دائرے تک ہی محدود نہ رہے۔ بلکہ جائزہ اور جانچ کے عمل کے دوران نصابی کتب کے ساتھ ساتھ حاصلاتِ تعلّم کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ اور طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کی جائے طلبہ کو اپنے خیالات کو الفاظ میں ڈھالنے پر اضافی نمبر دے کر حوصلہ افزائی کی جائے۔

آزمائش ترتیب دیتے ہوئے اس بات کا خیال رکھا جائے کہ سوالات کی نوعیت آسان سے مشکل کی طرف ہو۔ سوالات کی زبان سادہ اور واضح ہو۔

نصابی کتب کے مصنفین

کے لیے رہنما اصول

۱ ۔ علوم اسلامیہ کے موضوع پر ترتیب پانے والی تمام درسی کتب کا مواد قرآن وحدیث کی روشنی میں شامل کیا جائے اور ایسا کوئی تصور، نظریہ اور فکر شامل نہ کی جائے جو قرآن و سنّت سے متصادم ہو۔

۲ ۔ تمام اسلامی تعلیمات قرآن مجید، سنّتِ نبوی، فقہ اسلامی، علم الکلام، اخلاق وآداب اور تاریخ اسلام سے حسبِ ترتیب اور حسبِ ضرورت استفادہ کیا جائے۔

۳ ۔ درسی کتب ترتیب دیتے وقت مقامی و علاقائی روایات، آراء اور رجحانات داخل کرنے سے ہر ممکن اجتناب برتا جائے۔

۴ ۔ درسی کتب ترتیب دیتے وقت مظاہر قدرت سے بھرپور استفادہ کیا جائے اور طلبہ کو اسلامی عقائد، تصورات اور موضوعات مظاہر قدرت سے مثالیں دے کر سمجھایا جائے۔

۵ ۔ درسی کتب مرتب کرتے وقت کائناتی حقائق اور فنی و سائنسی امور میں اسلام کی صداقت اور حقانیت کو اجاگر کیا جائے تاکہ اسلام کی دیگر ادیان کے مقابلے میں برتری اور تفوق اجاگر ہو۔

۶ ۔ درسی کتب کو مرتب کرتے ہوئے اخلاق و آداب، کردار سازی اور حسنِ معاشرت کے پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے تاکہ قرآن وسنت پر مبنی اسلامی تعلیمات طلبہ کے ذہنوں پر منقش ہوں اور طلبہ کو تمام تعلیمات پر عمل کرنے کی ترغیب حاصل ہوسکے۔

۷ ۔ علومِ اسلامیہ کی درسی کتب میں بہت سی محترم اور مقدس شخصیات کا ذکر آتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ان محترم شخصیات کے ناموں کی نہ صرف املاء درست ہو بلکہ ان کے اسمائے گرامی کے ساتھ تعظیمی اور تکریمی عبارات بھی شامل ہوں، مثلاً

**حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلّی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلّم لکھا جائے۔**

۸ ۔ اسلامیات کی درسی کتب میں درج ذیل تکریمی امور کو ملحوظ خاطر رکھا جائے، مثلاً

**خالق کائنات کے لیے اللہ تعالیٰ**

| | |
|---|---|
| صرف مکہ کی جگہ **مکہ مکرّمہ** | صرف مدینہ کی جگہ **مدینہ منوّرہ** |
| صرف قرآن کی جگہ **قرآن مجید** | دیگر آسمانی کتابوں کے ناموں کے ساتھ **مقدّس** |

۹ ۔ علوم اسلامیہ کی درسی کتب میں قرآن و حدیث کے عربی زبان کے اقتباسات درست نقل کیے جائیں اور حوالہ دیئے جائیں۔ مثال کے طور پر (البقرۃ:۳۱) ، صحیح البخاری، کتاب الفتن وغیرہ۔

۱۰ ۔ درسی کتب مرتب کرتے وقت کتاب کے ہر سبق کے آخر میں طلبہ کو ایسا پیغام دیں کہ وہ ان کی عملی زندگی میں کام آسکے۔

۱۱ ۔ ایسی اسلامی معلومات اور تعلیمات شامل کی جائیں جو طلبہ کی ذہنی تربیت کر سکیں اور انہیں تزکیۂ نفس اور کردار سازی کی ترغیب دے سکیں۔

۱۲ ۔ تمام مواد کی تحریر سادہ، آسان الفاظ پر مشتمل اور عام فہم ہو، الفاظ و اصطلاحات کی املاء درست ہو اور تمام مواد معیاری ہو۔

۱۳ ۔ عنوانات اور ذیلی عنوانات مناسب جلی الفاظ میں تحریر ہوں۔

۱۴ ۔ موضوعات کو مختصر اور مناسب پیرا گراف میں تقسیم کیا جائے جو اپنا مکمل اور واضح تصور رکھتے ہوں۔

درسی کتب مرتب کرتے ہوئے مصنفین مختلف اسباق میں موضوعات کی مناسبت سے متعلقہ مستند احادیثِ مبارکہ اس انداز میں شامل کریں کہ جماعت پنجم تک پینتالیس احادیث مبارکہ شامل ہو جائیں۔

| | |
|---|---|
| جماعت اول : | کم از کم چار احادیث |
| جماعت دوم : | کم از کم چھ احادیث |
| جماعت سوم : | کم از کم آٹھ احادیث |
| جماعت چہارم : | کم از کم بارہ احادیث |
| جماعت پنجم : | کم از کم پندرہ احادیث |

۱۵۔ سبق میں دی جانے والی تعلیمات اور معلومات کا موجودہ دور کے حالات سے ربط ہو تاکہ طلبہ آج کے دور میں ایک مفید فرد بن سکیں۔

۱۶۔ درسی کتب مرتب کرتے ہوئے فاضل مصنفین کتاب ان حدود میں رہ کر مکمل کرنے کی کوشش کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| جماعت اول ۵۰ تا ۶۰ صفحات | جماعت دوم ۶۰ تا ۷۰ صفحات | جماعت سوم ۷۰ تا ۸۰ صفحات |
| جماعت چہارم ۸۰ تا ۹۰ صفحات | جماعت پنجم ۹۰ تا ۱۰۰ صفحات | |

۱۷۔ ہر سبق کے شروع میں حاصلاتِ تعلم درج کریں تاکہ اساتذہ ان کے تحت طلبہ کی تعلیم و تربیت کر سکیں۔

۱۸۔ اسلامیات کی درسی کتب مرتب کرتے وقت اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ پورا مواد مستند مصادر سے اخذ کیا جائے اور جو فرقہ واریت اور مسالک کی فکر سے بالاتر ہو کر اسلام کی سچی تصویر پیش کرتا ہو اور عالمی مذاہب میں باہمی ہم آہنگی کو فروغ دے۔

۱۹۔ ہر سبق کے آخر میں طلبہ کے لیے سرگرمیوں اور اساتذہ کے لیے ہدایات کا اضافہ کیا جائے کیونکہ بعض اسباق کے مقاصد کی تکمیل سرگرمیوں کے ذریعے کی جاتی ہے۔

(ا) طلبہ کے لیے ایسی سرگرمیاں شامل ہوں جو انہیں اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے کی ترغیب دیں جیسے بڑوں کی عزت، غریبوں کی مدد، صفائی کا خیال، عبادت کی ترغیب وغیرہ۔

(ب) اساتذہ کرام کے لیے ایسی ہدایات شامل کی جائیں کہ وہ طلبہ کو مزید معلومات فراہم کریں تاکہ طلبہ کی کردار سازی ہو وہ سچے مسلمان اور مفید شہری بن سکیں۔ مثلاً طلبہ کو وضو اور نماز کا طریقہ گھر یا مسجد سے سیکھنے کی ترغیب دیں۔

۲۰۔ درسی کتب میں ہر سبق کے آخر میں نئے الفاظ اور اصطلاحات کے معنی شامل کیے جائیں۔

۲۱۔ سیرت و اسلامی تاریخ کے واقعات میں انسانوں کی تصاویر سے گریز کیا جائے بلکہ مظاہر قدرت، مظاہر فطرت، مساجد اور مدارس کی تصاویر اور نقشہ جات سے کتب کو مزّین کیا جائے۔

۲۲۔ درسی کتب کا اولین صفحہ کسی موزوں اسلامی تہذیبی و ثقافتی تصویر، نقشے یا خاکے سے مزین ہو۔

۲۳۔ درسی کتب میں جمیل نوری نستعلیق فانٹ استعمال کیا جائے اور پرائمری جماعت کی کتب کے لیے مناسب فانٹ سائز رکھا جائے۔

۲۴۔ ہر کتاب قومی نصاب کے عین مطابق ترتیب دی جائے۔

۲۵۔ مصنفین کا مختصر تعارف کتاب کے آخر میں شامل کیا جائے۔

۲۶۔ سیرت رسول کے باب میں صرف سیرت النبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلّم کے واقعات دیئے جائیں غیر ضروری مواد سے اجتناب کیا جائے۔

۲۷۔ کتاب مجموعی طور پر احترام آدمیت، برداشت اور پُرامن بقائے باہمی کو فروغ دینے میں معاون ہو۔

۲۸۔ ایسی سرگرمیاں ترتیب دی جائیں جن میں بچے کو مرکزیت حاصل ہو۔

۲۹۔ مشکل الفاظ اور تراکیب پر اِعراب لگائے جائیں جیسے حِلفُ الفُضُول

۳۰۔ تخلیقی اندازِ فکر کی نشوونما کے لیے مشقوں میں سوالات شامل کیے جائیں۔

# مشقی سوالات سے متعلقہ ہدایات

مشقی سوالات بناتے وقت مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھا جائے۔

۱۔ ہر سبق کے آخر میں مشقوں کا اضافہ کیا جائے۔ سوالات کا طریقہ تین طرح سے منقسم ہو۔

ا: معروضی۔ (خالی جگہ، کثیر الانتخابی، کالم ملانا) متنِ قرآن وحدیث اور ترجمہ سے خالی جگہ کا سوال نہ دیا جائے۔

ب: نیم معروضی (مختصر سوالات)

ج: موضوعی سوالات (تفصیلاً سوالات)

۲۔ بچوں کی یاداشت اور معلومات کی صلاحیت کو مد نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ تفہیم اور اطلاق کو بھی مدنظر رکھا جائے۔

۳۔ سوالات طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق مقررہ اسباق میں سے پوچھے جائیں، زیادہ تر سوالات حاصلاتِ تعلم سے اخذ شدہ ہوں۔

۴۔ ہر جماعت میں سوالات کی تعداد تدریجاً بڑھائی جائے۔

# ضمیمہ

## جماعت وار فہرست احادیث

| جماعت | احادیث |
|---|---|
| جماعت اوّل | اَلطُّھُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ صفائی نصف ایمان ہے۔ (مسلم) حدیث نمبر ۵۳۴ |
| جماعت دوم | مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتا ہے۔ (مسلم) حدیث نمبر ۴۰۸ |
| | اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ نیکی حسنِ اخلاق کا نام ہے۔ (جامع الترمذی) حدیث نمبر ۲۳۸۹ |
| جماعت سوم | اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ بے شک اعمال کا دار و مدار نیت پر ہے۔ (بخاری) حدیث نمبر ۱ |
| | خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ تم میں بہترین شخص وہ ہے، جس نے قرآن کو سیکھا اور دوسروں کو سکھایا۔ (بخاری) حدیث نمبر ۵۰۲۷ |
| | اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ دُعا عبادت کا مغز ہے۔ (جامع الترمذی) حدیث نمبر ۳۳۷۱ |
| | کُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَۃٌ ہر نیک کام صدقہ ہے۔ (بخاری) حدیث نمبر ۶۰۲۱ |
| جماعت چہارم | مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ جو شخص لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا شکر بھی نہیں ادا کرتا۔ (احمد و ترمذی) حدیث نمبر ۱۹۵۵ |
| | لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَتَّاتٌ چغل خور جنت میں نہ جائے گا۔ (مسلم) حدیث نمبر ۲۹۱ |
| | لَا یَرْحَمُ اللّٰہُ مَنْ لَّا یَرْحَمُ النَّاسَ اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں فرماتے جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔ (صحیح بخاری) حدیث نمبر ۷۳۷۶ |
| | اِنَّ مِنْ اَحَبِّکُمْ اِلَیَّ اَحْسَنُکُمْ اَخْلَاقًا تم میں سے وہ شخص میرے نزدیک زیادہ محبوب ہے جو زیادہ اچھے اخلاق والے ہیں۔ (بخاری) حدیث نمبر ۳۷۵۹ |
| | لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مَنْ لَّا یَاْمَنُ جَارُہٗ بَوَائِقَہٗ وہ شخص جنت میں نہ جائے گا جس کا پڑوسی اس کی ایذاؤں سے محفوظ نہ رہے۔ (مسلم) حدیث نمبر ۱۷۲ |
| جماعت پنجم | اِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ جب تم حیا نہ کرو تو جو چاہے کرو۔ (بخاری) حدیث نمبر ۳۴۸۳ |
| | مَنْ یُّحْرَمُ الرِّفْقَ یُحْرَمُ الْخَیْرَ کُلَّہٗ جو شخص نرم عادت سے محروم رہا، وہ ساری بھلائی سے محروم رہا۔ (مسلم) حدیث نمبر ۶۴۳ |
| | لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَاطِعٌ رشتہ قطع کرنے والا جنت میں نہ جائے گا۔ (بخاری حدیث نمبر ۲۰۵۶، مسلم حدیث نمبر ۱۰۵) |
| | لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ (بخاری حدیث نمبر ۱۳، مسلم حدیث نمبر ۴۵) کوئی بندہ اسوقت تک پورا مسلمان نہیں ہوسکتا جب تک اپنے بھائی کیلئے وہی پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ |
| | اَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ میں آخری نبی ہوں۔ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ (جامع الترمذی) حدیث نمبر ۲۲۱۹ |
| | مَنْ غَشَّ فَلَیْسَ مِنِّیْ جو دھوکہ دہی کرے وہ مجھ میں سے نہیں ہے۔ (مسلم) حدیث نمبر ۲۸۴ |

**نظر ثانی کمیٹی:**

محمد اطہر، ماہر مضمون نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

فخر عالم، سیکنڈری سکول ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول بانڈہ شیخ اسماعیلہ، نوشہرہ

قاضی محمد عامر، ماہر مضمون گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول بگنوتر، ایبٹ آباد

نور الامین، سینئر عربی ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول چنار، بونیر

شاہ اسلام، سینئر تھیالوجی ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول ترخہ نوشہرہ

قیاش بہادر، قاری گورنمنٹ ہائی سکول مرغز، صوابی

**زیر نگرانی:**

**گوہر علی خان**

ڈائریکٹر، نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

**فوکل پرسن:**

**ذوالفقار خان**

ایڈیشنل ڈائریکٹر (کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک ریویو)، نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

# DIRECTORATE OF CURRICULUM AND TEACHER EDUCATION
# KHYBER PAKHTUNKHWA ABBOTTABAD

Phone # 0992-385147 Fax # 0992-381527 (email director.dcte@kpese.gov.pk)


**NOTIFICATION** **Dated Abbottabad the, 8th February, 2021**

**No. 694-711/AD (C&TR):** In pursuance of the following decisions of the Provincial Cabinet and recommendations of the Review Committees notified by this Directorate vide No. 5305-09 dated 01.12.2020:

i. The Provincial Cabinet decision on the Agenda Item No "10", taken in its 39th meeting held on 21st July, 2020, regarding approval of the Concurrence of Single National Curriculum (SNC Pre I-V) developed by the Ministry of Federal Education & Professional Training, Islamabad (MoFE&PT), the minutes whereof circulated vide the Establishment & Administration Department (Cabinet Wing), Govt. of Khyber Pakhtunkhwa letter No. SOC (E&AD) 9-39/2020 dated 27th July 2020, conveyed through the Elementary & Secondary Education Department, Govt. of Khyber Pakhtunkhwa Peshawar letters No. SO (B/T) E&SE/8-5/2019/NEC dated 29th July, 2020.

ii. The Provincial Cabinet decision on the Agenda Item No "23", Case No. 2021/49/23 (A), taken in its 49th meeting held on 27th January, 2021 regarding in principal approval of the adoption of the National Curriculum with modifications/additions recommended by DCTE for notification as Curricula (Grades Pre I-V) for all educational institutions in Khyber Pakhtunkhwa, the minutes whereof circulated vide the E& AD (Cabinet Wing), Govt. of Khyber Pakhtunkhwa letter No. SOC (E&AD) 9-49/2020 dated 1st February, 2021, conveyed through the E& SED, Govt. of Khyber Pakhtunkhwa letter No. SO (B/T) E&SE/8-5/SNC dated 04.02.2021.

Consequently, the Directorate of Curriculum & Teacher Education Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad, being the Competent Authority under the Khyber Pakhtunkhwa Supervision of Curricula, Textbooks and Maintenance of Standards of Education Act. 2011, has been pleased to notify the Eight (08) Subject Curricula, as reflected here-under, for Grades Pre I-V for Academic Year 2021-22 & onward:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1. Early Childhood and Care Education (ECCE) | | | 2. Urdu | 3. Mathematics |
| 4. English | 5. General Knowledge | 6. Islamiyat | 7.General Science | 8. Social Studies |

2. All the educational intuitions in Khyber Pakhtunkhwa shall follow the Curricula 2020, Textbooks subsequently revised/developed and duly approved by the Directorate of Curriculum and Teacher Education (DCTE) Khyber Pakhtunkhwa, Abbottabad.
3. The Khyber Pakhtunkhwa Textbook Board shall develop/revise the Textbooks from Grades Pre I-V as per Curricula 2020 in the light of existing rules and policies.
4. All Publishers shall obtain prior approval/NOC for publishing Textbooks and Supplementary Reading Materials develop/revise based on the Curricula 2020 (Grades Pre I-V) from DCTE Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad for circulation in the educational institutions of Khyber Pakhtunkhwa and Newly Merged Districts.
5. Provincial Institute for Teacher Education, Fata Institute for Teacher Education, Regional Institutes for Teacher Education, Elementary Colleges of Khyber Pakhtunkhwa and all Development Partners shall align all of their training manuals/materials with the Curriculum 2020 and the Textbooks developed thereof.
6. In case of non-compliance, the institutions/ firms at fault shall be proceeded against under Section (4) of the Khyber Pakhtunkhwa Supervision of Curricula, Textbooks and Maintenance of Standard of Education Act. 2011.

**DIRECTOR**

Endst: of even No. & Date.

**Copy forwarded for information and necessary action to the:**

1. Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa E&SE Department, Peshawar
2. Director, Elementary & Secondary Education Khyber Pakhtunkhwa, Peshawar
3. Chairman, Khyber Pakhtunkhwa Textbook Board Hayatabad, Peshawar
4. Director General, Information & Public Relations Khyber Pakhtunkhwa, Peshawar
5. Director General Education Monitoring Authority Shami Road Peshawar
6. Managing Director, Elementary & Secondary Education Foundation Hayatabad, Peshawar
7. Managing Director Private School Regulatory Authority University Town Peshawar
8. Director, EMIS E&SE Department Peshawar, with the request to upload on the w/site of E&SED
9. Comptroller Government Printing Press Peshawar.
10. PSO to Chief Secretary Khyber Pakhtunkhwa, Peshawar
11. P.S to Principal Secretary to Chief Minister Government of Khyber Pakhtunkhwa C.M Secretariat Peshawar
12. All District Education Officers (M&F) in Khyber Pakhtunkhwa and Newly Merged Districts
13. Director, PITE & FITE Peshawar & Jamrud
14. All Development Partners working in Education Sector Khyber Pakhtunkhwa
15. All Principal RITEs /Elementary Colleges (M&F) in Khyber Pakhtunkhwa
16. Taj Mohammad Section Officer (Cabinet) E&AD Government of Khyber Pakhtunkhwa Peshawar
17. P.S to Minister for Elementary & Secondary Education Khyber Pakhtunkhwa Peshawar
18. P.S to Director, Local Directorate

**Additional Director (C&TR)**

Directorate of Curriculum & Teacher Education

Khyber Pakhtunkhwa, Abbottabad.

نظامتِ نصاب و تعلیم اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد